جشن عید میلاد النبی ﷺ ناجائز کیوں؟

اور

جلوس اہلحدیث اور جشن دیوبند کا جواز کیوں؟

مؤلف

پاسبان مسلک رضا، نباض قوم،

مولانا ابوداؤد محمد صادق قادری رضوی

امیر جماعت رضائے مصطفےٰ پاکستان گوجرانوالہ

جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ناجائز کیوں ؟

اور

جلوس اہلحدیث اور جشن دیوبند کا جواز کیوں ؟

مؤلف ::

پاسبان مسلک رضا ، نباض قوم،

مولانا ابودائود محمد صادق قادری رضوی

امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان گوجرنوالہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاِن تعدو نِعمَۃَ اللّٰہِ لَا تَحصُو ھَا .

اور اگر اللہ کی نعمتوں کو گنو تو شمار نہ کر سکو گے۔ پارہ نمبر 12 رکوع نمبر 17

بے شک اللہ تعالیٰ کی نعمتیں لاتعداد اور بے حساب اور حد شمار سے باہر ہیں، مگر ان سب نعمتوں میں سب سے بڑی نعمت بلکہ تمام نعمتوں کی جان، جانِ جہان و جانِ ایمان حضور پر نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات ہے، جن کے طفیل باقی سب نعمت و انعامات ہیں، اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت مولانا امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا :۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو

جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

اس لئے اللہ تعالیٰ نے سب سے بڑھ کر، سب سے زیادہ اور بہت ہی اہتمام و تاکید کے ساتھ آپ کی ذات بابرکات کے بھیجنے کا احسان ظاہر فرمایا۔ لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم۔ بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہی سے ایک رسول بھیجا۔ (پ 14، رکوع 8) چونکہ ایمانداروں پر سب سے بڑی نعمت کا سب سے بڑا احسان ظاہر فرمایا ہے، اس لئے اہل ایمان اس کی سب سے بڑھ کر قدر و منزلت جانتے ہیں اور اس کا سب سے زیادہ شکر ادا کرتے ہیں اور جس ماہ یوم میں اس احسان و نور نعمت کا ظہور ہوا، اس میں اس کا بالخصوص چرچا و مظاہرہ کرتے ہیں، اس لئے کہ مولیٰ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جابجا اپنی نعمتوں کی تذکیر تشکر اور ذکر اذکار کا حکم فرمایا ہے، خاص طور پر سورۃ الضحیٰ میں ارشاد ہوا ہے۔ واما بنعمۃ ربک فحدث ۔(اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔ پ30 رکوع 18۔) پھر بطور خاص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے نعمۃ اللہ ہونے کا بیان اور ناشکری و ناقدری کرنے والے بے دینوں کا رد فرمایا۔ الم تر الی الذین بدلو انعمۃ اللہ کفراً۔ (کیا تم نے انہیں نہ دیکھا، جنہوں نے اللہ کی نعمت ناشکری سے بدل دی۔ پ13 رکوع 17۔) بخاری شریف و دیگر تفاسیر میں سید المفسرین حضرت عبداللہ ابن عباس و حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ:: کہ ناشکری کرنے والے کفار ہیں۔ و محمد نعمۃ اللہ۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی نعمت ہیں (بخاری شریف جز ثالث صفحہ 6) جب اللہ کے فرمان اور قرآن سے ثابت ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے خاص نعمت ہیں جس پر اللہ نے اپنے خاص احسان کا ذکر فرمایا اور پھر نعمت کا چرچا کرنے کا بھی حکم دیا تو اب کون مسلمان و اہل ایمان ہے جو آپ کی ذات بابرکات، نور کے ظہور اور دنیا میں جلوہ گری و تشریف آوری کی خوشی نہ منائے، شکر ادا نہ کرے اور سب سے بڑی نعمت کا سب سے بڑھ کر چرچا و مظاہرہ پسند نہ کرے اور نعمت عظمٰی کے خصوصی شکرانہ اور چرچا و مظاہرہ کے لئے جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم مولود شریف اور یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوس مبارک پر برا منائے اور زبان طعن دراز کرے۔ مفسر قرآن حضرت مفتی احمد یار خاں مرحوم نے کیا خوب فرمایا ہے:۔

حبیب حق ہیں خدا کی نعمت بنعمۃ ربک فحدث

یہ فرمان مولیٰ پر عمل ہے جو بزم مولد سجا رہے ہیں

رحمت کے خوشی :-

قرآن ہی میں یہ بھی بیان ہے کہ (تم فرماؤ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت پر چاہیے، کہ خوشی کریں، وہ ان کی سب دھن دولت سے بہتر ہے)۔پ 11 رکوع 11 ۔جس طرح او پر نعمت کا چرچا کرنے کا ذکر ہوا ہے، اسی طرح یہاں فضل ورحمت پر خوشی منانے کا بیان ہے اور کون مسلمان نہیں جانتا کہ اللہ کا سب سے بڑا فضل اور سب سے بڑی رحمت بلکہ جانِ رحمت اور رحمة اللعالمین (پ 17 رکوع 7) آپ کی ذات بابرکات ہے یہاں فضل ورحمت سے اگر کوئی بھی چیز مراد لی جائے تو یقیناً وہ بھی آپ ہی کا صدقہ وسیلہ اور طفیل ہے، لہذا آپ بہر صورت بدرجہ اولیٰ فضل الٰہی ورحمت خداوندی اور نعمۃ اللہ ہونے کا مصداق کامل ہیں، کیونکہ دونوں جہان میں آپ کا ہی سب فیضان ہے اور آپ کی خوشی منانا، چرچا و مظاہرہ کرنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شایان شان وفرمان خداوندی کے تحت واس کے مطابق ہے، نہ کہ معاذ اللہ اس کے مخالف ومنکر اور شرک وبدعات۔

خدا کا شکر نعمت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان رفعت ہے
یہ دونوں کی اطاعت ہے قیام محفل مولد
حصول فیض ورحمت ہے نزول خیر وبرکت ہے
حصول عشق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے قیام محفل مولد
نہ اس میں رفع سنت ہے نہ شرک وکفر بدعت ہے
یہ رد شرک وبدعت ہے قیام محفل مولد

یوم ولادت کی اھمیت:-

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے پیر شریف (سوموار) کا روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا: فیه ولدت وفیه انزل علیه ۔یعنی اسی دن میری پیدائش ہوئی اور اسی دن مجھ پر قرآن نازل کیا گیا۔(مشکوۃ شریف صفحہ 179) اس فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور یوم نزول قرآن کی اہمیت اور اس دن کی یادگار منانا اور شکر نعمت کے طور پر روزہ رکھنا ثابت ہوا جیسے ہفتہ وار دنوں کے حساب سے یوم ولادت ویوم نزول قرآن کی یادگار اہمیت ہے ویسے ہی سالانہ تاریخ کے حساب سے بھی یوم ولادت ویوم نزول قرآن کی اہمیت وامت میں مقبولیت ہے، جس طرح نزول قرآن کا دن پیر 27 رمضان المبارک کو سالانہ یادگار منائی جاتی ہے، اسی طرح یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دن پیر 12 ربیع الاوّل میں ہونے کے باعث اہل اسلام میں ماہ ربیع الاوّل و 12 ربیع الاوّل کی سالانہ یادگار منائی جاتی ہے۔ بلکہ امام احمد بن محمد قسطلانی شارح بخاری اور شیخ محقق علامہ عبدالحق محدّث دہلوی شارح مشکوۃ (رحمۃ اللہ علیہما) جیسے محدثین نے نقل فرمایا کہ امام احمد بن حنبل جیسے امام واکابر علماء امت نے تصریح کی ہے کہ شب میلاد شب قدر سے افضل ہے۔ نیز فرمایا جب آدم علیہ السلام کی پیدائش کے دن جمعۃ المبارک میں مقبولیت کی ایک خاص ساعت ہے تو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی میلاد کی ساعت کے متعلق تیرا کیا خیال ہے۔(اس کی شان کا کیا عالم ہوگا)۔(زرقانی شرح مواہب جلد 1 صفحہ

135.136 ۔مدارج النبوت جلد 2 صفحہ 13)

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی کیا خوب ترجمانی کی۔

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

لفظ عید کی تحقیق :۔

مذکورہ ارشادات کی روشنی میں مزید عرض ہے کہ بفرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم جمعۃ المبارک آدم علیہ السلام کی پیدائش کا دن بھی ہے اور عید کا دن بھی ہے بلکہ عنداللہ عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر سے بھی بڑا دن ہے۔(مشکوٰۃ شریف صفحہ 123/140) ملخصاً
لہٰذا جب سیدنا آدم علیہ السلام کی پیدائش کا دن عید کا دن بلکہ دونوں عیدوں سے بڑھ کر ہوسکتا ہے تو سیدنا سیدالانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا یوم پیدائش عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کیوں نہیں ہوسکتا؟ جب کہ سب کچھ آپ کا ہی فیضان، آپ کے دم قدم کی بہار اور آپ ہی کے نور کا ظہور ہے۔

ہے انہی کے دم قدم سے باغ عالم میں بہار
وہ نہ تھے عالم نہ تھا گر وہ نہ ہوں عالم نہیں

صحابہ کا فتویٰ :۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیت **الیوم اکملت لکم دینکم** ۔تلاوت فرمائی۔ تو ایک یہودی نے کہا : اگر یہ آیت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید مناتے۔اس پر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:: یہ آیت نازل ہی اسی دن ہوئی جس دن دو عیدیں تھیں ۔(یوم جمعہ اور یوم عرفہ) مشکوٰۃ شریف صفحہ 121۔ مرقات شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کے تحت طبرانی وغیرہ کے حوالہ سے بالکل یہی سوال وجواب حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے، مقام غور ہے کہ دونوں جلیل القدر صحابہ نے یہ نہیں فرمایا، کہ اسلام میں صرف عید الفطر اور عیدالاضحیٰ مقرر ہیں اور ہمارے لئے کوئی تیسری عید منانا بدعت وممنوع ہے۔ بلکہ یوم جمعہ کے علاوہ یوم عرفہ کو بھی عید قرار دے کر واضح فرمایا کہ واقعی جس دن اللہ کی طرف سے کوئی خاص نعمت عطا ہو خاص اس دن بطور یادگار عید منانا، شکر نعمت اور خوشی کا اظہار کرنا جائز اور درست ہے علاوہ ازیں جلیل القدر محدث ملا علی قاری علیہ الرحمۃ الباری نے اس موقع پر یہ بھی نقل فرمایا کہ ہر خوشی کے دن کے لئے لفظ عید استعمال ہوتا ہے، الغرض جب جمعہ کا عید ہونا، عرفہ کا عید ہونا، یوم نزول آیت کا عید ہونا ہر انعام وعطا کے دن کا عید ہونا اور ہر خوشی کے دن کا عید ہونا واضح وظاہر ہو گیا تو اب ان سب سے بڑھ کر یوم عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عید ہونے میں کیا شبہ رہ گیا۔ جو سب کی اصل وسب مخلوق سے افضل ہیں۔مگر :

آنکھ والے تیرے جلووں کا نظارہ دیکھے
دیدہء کور کو کیا آئے نظر کیا دیکھے

قرآن کی تائید :

عیسیٰ ابن مریم نے عرض کی: اے اللہ ! اے رب ہمارے ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار۔ کہ وہ دن ہمارے لئے عید ہو جائے اگلوں اور پچھلوں کی۔(پارہ 7 آیت 114 سورہ المائدہ)

سبحان اللہ !! جب مائدہ اور من وسلویٰ جیسی نعمت کا دن عید کا دن قرار پایا۔تو سب سے بڑی نعمت یوم عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عید ہونے میں کیا شک رہا ؟

محدثین کا بیان :

امام احمد بن محمد قسطلانی علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی اور شیخ محقق علامہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دعائیہ بیان نقل فرمایا : فرحم الله امراء اتخذ ليالي شهر مولده المبارك اعياده ۔ اللہ اس شخص پر رحم فرمائے، جو اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ماہ میلاد کی راتوں کو عیدوں کی طرح منائے۔(زرقانی شرح المواہب جلد اول صفحہ 139۔ماثبت من السنۃ صفحہ 60) دیکھئے ایسے جلیل القدر محدثین نے نہ صرف ایک دن بلکہ ماہ میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سب راتوں کو عید قرار دیا ہے اور عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ منانے والوں کے لئے دعائے رحمت بھی فرمائی ہے،جس دن کی برکت سے ربیع الاول کی راتیں بھی عیدیں قرار پائیں۔ 12 ربیع الاول کا وہ خاص دن کیونکر عید قرار نہ پائے گا ؟ بلکہ امام داوودی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ مکہ مکرمہ میں آپ کی ولادت کی جگہ مسجد حرام کے بعد سب سے افضل ہے اور اہل مکہ عیدین سے بڑھ کر وہاں محافل میلاد کا انعقاد کرتے تھے،حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس مبارک جگہ محفل میلاد میں حاضری اور مشاہدہ انوار کا ذکر فرمایا۔(جواہر البحار جلد سوم صفحہ 1154 فیوض الحرمین صفحہ 27)

مفسرین کا اعلان :۔

امام ابن حجر مکی علیہ الرحمۃ نے امام فخر الدین رازی (صاحب تفسیر کبیر) نے نقل فرمایا کہ جس شخص نے میلاد شریف کا انعقاد کیا اگرچہ عدم گنجائش کے باعث صرف نمک یا گندم یا ایسی ہی کسی چیز سے زیادہ تبرک کا اہتمام نہ کر سکا۔ برکت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسا شخص نہ محتاج ہوگا نہ اس کا ہاتھ خالی رہے گا۔(النعمۃ الکبریٰ صفحہ 9) مفسر قرآن علامہ اسماعیل حقی نے امام سیوطی امام سبکی،امام بن حجر عسقلانی،امام ابن حجر،امام سخاوی،علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہم جیسے اکابر علمائے امت سے میلاد شریف کی اہمیت نقل فرمائی اور لکھا ہے کہ میلاد شریف کا انعقاد آپ کی تعظیم کے لئے ہے،اور اہل اسلام ہر جگہ ہمیشہ میلاد شریف کا اہتمام کرتے ہیں۔(تفسیر روح البیان جلد 9 صفحہ 56)۔

12 ربیع الاول پر اجماع امت :۔

امام قسطلانی،علامہ زرقانی،علامہ محمد بن عابدین شامی کے بھتیجے علامہ احمد بن عبدالغنی دمشقی،علامہ یوسف نبہانی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہم نے تصریح فرمائی کہ امام المغازی محمد بن اسحاق وغیرہ علماء کی تحقیق ہے کہ یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم 12 ربیع الاول ہے۔علامہ ابن کثیر نے کہا یہی جمہور سے مشہور ہے اور علامہ ابن جوزی اور علامہ ابن جزار نے اس پر اجماع نقل کیا ہے۔اس لئے

کہ سلف وخلف کا تمام شہروں میں 12 ربیع الاول کے عمل پر اتفاق ہے۔ بالخصوص اہل مکہ اسی موقع پر جائے ولادت باسعادت پر جمع ہوتے اور اس کی زیارت کرتے ہیں۔ ملخصاً (زرقانی شرح مواہب جلد 1 صفحہ 132۔ جواہر البحار جلد 3 صفحہ 1147۔ ماثبت من السنۃ صفحہ 57۔ مدارج النبوت صفحہ 14)

واقعہء ابولھب :۔

جلیل القدر آئمہ محدثین نے نقل کیا ہے کہ ابولہب نے اپنی لونڈی ثوبیہ سے میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشخبری سن کر اسے آزاد کردیا، جس کے صلہ میں بروز پیر اس کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے اور انگلی سے پانی چوسنا میسر آتا ہے، جب کافر کا یہ حال ہے تو عاشق صادق مومن کے لئے میلاد شریف کی کتنی برکات ہوں گی؟ (بخاری جلد 3 صفحہ 243، مع شرح زرقانی صفحہ 139 ماثبت بالسنہ صفحہ 60)

دوسروں کی زبان سے :۔

(ہفت روزہ اہلحدیث) لاہور۔ 27 مارچ 1981ء کی اشاعت میں رقمطراز ہے۔: ملک میں حقیقی اسلامی تقریبات کی طرح یہ بھی (عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم) ایک اسلامی تقریب ہی شمار ہوتی ہے اور اس امرواقعہ سے آپ بھی انکار نہیں کر سکتے کہ اب ہر برس ہی 12 ربیع الاول کو اس تقریب کے اجلال واحترام میں سرکاری طور پر ملک بھر میں تعطیل عام ہوتی ہے اور آپ اگر سرکاری ملازم ہیں تو اپنے منہ سے اس کو ہزار بار بدعت کہنے کے باوجود آپ بھی یہ چھٹی مناتے ہیں اور آئندہ بھی یہ جب تک یہاں چلتی ہے آپ اپنی تمام تر (اہلحدیثیت) کے باوجود یہ چھٹی مناتے رہیں گے۔۔۔۔ خواہ کوئی ہزار منہ بنائے دس ہزار بار ناراض ہو کر بگڑے جب تک خدا تعالیٰ کو منظور ہوا یہاں اس تقریب کی کارفرمائی ایک امرواقعہ ہی ہے۔

جلوس :۔

حکومت اگر اپنے زیر اہتمام تقریب کو سادہ رکھے اور دوسروں کو بھی اس بات کی پرزور تلقین کرے تو اس کا اثر یقیناً خاطر خواہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔ اس تقریب کے ضمن میں جتنے بھی جلوس نکلتے ہیں اگر ان کو حکومت کے اہتمام سے خاص کردیا جائے تو یہ کام ہرگز مشکل نہیں ہے، ہر جگہ کے حکام بآسانی اس کام کو سرانجام دے سکتے ہیں، اگر ہر شہر میں صرف ایک ہی جلوس نکلے اور اسے ہر ہر جگہ کے سرکاری حکام کنٹرول کریں تو کوئی وجہ نہیں کہ مفاسد اچھل سکیں اور مصائب رونما ہوں۔ (اہلحدیث 16.1.81...27.3.81)

تنظیم اھلحدیث :۔

جماعت اہلحدیث کے بالعموم اور حافظ عبدالقادر روپڑی کے بالخصوص ترجمان ہفت روزہ (تنظیم اہلحدیث) لاہور نے 17 مئی 1963ء کی اشاعت میں لکھا ہے کہ مومن کی پانچ عیدیں ہیں، جس دن گناہ سے محفوظ رہے، جس دن خاتمہ بالخیر ہو، جس دن پل سے سلامتی کے ساتھ گزرے، جس دن جنت میں داخل ہو اور جب پروردگار کے دیدار سے بہرہ یاب ہو۔ تنظیم اہلحدیث کا یہ بیان حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ (درۃ الناصحین صفحہ 263) مقام انصاف ہے کہ جب مومن کی اکٹھی پانچ عیدیں تکمیل دین کے خلاف نہیں تو جن کے صدقہ و وسیلہ سے ایمان قرآن اور خود رحمان ملا، ان کے یوم میلاد کو عید کہہ دینے سے دین میں کونسا رخنہ پڑ جائے گا؟

جبکہ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ عید الفطر اور عید الاضحٰی کے مقابلے کے لئے ہے اور نہ ان کی شرعی حیثیت ختم کرنا مقصود ہے، اہلحدیث مزید لکھا ہے کہ (اگر عید کے نام پر ہی آپ کا یوم ولادت منانا ہے تو رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کی طرف دیکھیں کہ آپ نے یہ دن کیسے منایا تھا ؟ سنئے !

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دن منایا پر اتنی ترمیم کے ساتھ کہ اسے تنہا عید میلاد نہیں رہنے دیا بلکہ عید میلاد اور عید بعثت کہہ کر منایا اور منایا بھی روزہ رکھ کر اور سال بہ سال نہیں بلکہ ہر ہفتہ منایا۔ (ہفت روزہ اہلحدیث لاہور 27 مارچ 1981ء)

سبحان اللہ ! اہلحدیث نے تو حد کردی کہ صرف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عید میلاد منانے ہی کی تصریح نہیں کی بلکہ ایک اور عید یعنی عید بعثت منانے کا بھی اضافہ کردیا اور وہ بھی ہفتہ وار۔

ماہنامہ دارالعلوم دیوبند نومبر 1957ء کی اشاعت میں ایک نعت شریف شائع ہوئی ہے کہ ؛

یہ آمد ، آمد اس محبوب کی ہے

کہ نور جاں ہے جس کا نام نامی

خوشی ہے عید میلاد النبی ﷺ کی

یہ اہل شوق کی خوشی انتظامی

کھڑے ہیں باادب صف بستہ قدسی

حضور ﷺ سرور ذات گرامی

الحمد اللہ ! اس تمام تفصیل اور لاجواب و ناقابل تردید تحقیقی و الزامی حوالہ جات سے عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم منانے اس نعمت کا چرچا کرنے شکر گزاری و خوشی کرنے محافل میلاد کے انعقاد و جلوس نکالنے کی روز روشن کی طرح تحقیق و تائید ہوگئی اور وہ بھی وہاں وہاں سے جہاں سے پہلے شرک و بدعت کی آوازیں سنائی دیتی تھیں، ماشاء اللہ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی عظمت و قوت عشق سے اپنی حقانیت کا لوہا منوالیا، مگر ضروری ہے کہ میلاد شریف کے سب پروگرام بھی شریعت کے مطابق ہوں اور منانے والے بھی شریعت وسنت کی پابندی کریں کیونکہ عشق رسالت کے ساتھ اتباع سنت بھی ضروری ہے۔

مسئلہ بدعت :۔

مذکورہ تمام تفصیل و تحقیق کے بعد اب تو کسی بدعت ودت کا خطرہ نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ بدعت و ناجائز تو وہ کام ہوتا ہے جس کی دین میں کوئی اصل نہ ہو مگر عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اصل و بنیاد اور مرجع و مآخذ قرآن و حدیث، صحابہ کرام، جمہور اہل علم، محدثین، مفسرین بلکہ اجماع امت اور خود منکرین میلاد کے اقوال سے ثابت کر چکے ہیں، لہذا اب تو اس کو بدعت تصور کرنا بھی بدعت و ناجائز اور محرومی و بے نصیبی کا باعث ہے۔

میرے مولا کے میلاد کی دھوم ہے :: ہے وہ بد بخت جو آج محروم ہے

استفسار :

اگر اب بھی کوئی میلاد شریف کا قائل نہ ہو، تو پھر اسے کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ سیرت کانفرنس، سیرت کے اجلاس، سالانہ تبلیغی اجتماعات، اہلحدیث کانفرنسیں اور مدارس کے سالانہ پروگرام وغیرہ منعقد کرے۔ ورنہ وہ وجہ فرق بیان کرے کہ عید میلاد النبی صلی اللہ وسلم کیوں بدعت ہے اور باقی مذکورہ امور کس دلیل سے توحید وسنت کے مطابق ہیں اور ہمارے دلائل اور جلیل القدر محدثین واکابر کے حوالہ جات کا کیا جواب ہے؟

تم جو بھی کرو بدعت وایجاد روا ہے :: اور ہم جو کریں محفل میلاد برا ہے

منکرین میلاد کا کردار :۔

جو بچہ ہو پیدا تو خوشیاں منائیں

مٹھائی بٹے اور لڈو بھی آئیں

مبارک کی ہر سو آئیں صدائیں

مگر

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جب یوم میلاد آئے

تو بدعت کے فتوے انھیں یاد آئے

صد سالہ جشن دیوبند کا بیان

صدائے باز گشت :۔

شاعر مشرق مفکر پاکستان علامہ ڈاکٹر محمد اقبال نے اپنے شہرہ آفاق کلام واشعار میں ::

ز دیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجی است

فرما کر دیوبند وصدر دیوبند کی مشرک دوستی وکانگرس نوازی اور متحدہ قومیت سے ہمنوئی کو بہت عرصہ پہلے جس بوالعجی سے تعبیر فرمایا تھا، بمصداق تاریخ اپنے آپ کو دہراتی ہے ۔ سے تعبیر فرمایا تھا، اس بوالعجی کی صدائے بازگشت اس وقت بھی سنی گئی، جب صد سالہ جشن دیوبند میں مسز اندرا گاندھی وزیراعظم بھارت کو شمع محفل دیکھ کر خود دیوبندی مکتب فکر کے نامور عالم ولیڈر مولوی احتشام الحق تھانوی (کراچی) کو بھی یہ کہنا پڑا کہ

بہ دیوبند مسز گاندھی ایں چہ بوالعجی است

تفصیل :۔

اس اجمال کی یہ ہے: کہ شان رسالت وجشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت کے مرکز اور کانگرس کی حمایت وسلم لیگ وپاکستان کی مخالفت کے گڑھ دارالعلوم دیوبند کا ۲۱،۲۲،۲۳۔ مارچ ۱۹۸۰ء کو صد سالہ جشن منایا گیا اور اس موقع پر اندرا گاندھی کی کانگریس

ی حکومت نے جشن دیو بند کا کامیاب بنانے کے لئے ریڈیو۔ٹی وی۔اخبارات۔ریلوے وغیرہ تمام متعلقہ ذرائع سے ہر ممکن تعاون کیا۔ بھارتی محکمہ ڈاک وتار نے اس موقع پر ۳۰ پیسے کا ایک یادگاری ٹکٹ جاری کیا: جس پر مدرسہ دیو بند کی تصویر شائع کی گئی۔یہی نہیں بلکہ اندرا دیو بندی نے بنفس نفیس جشن دیو بند کی تقریبات کا افتتاح کیا۔اپنے دیدار و آواز و نسوانی اداؤں سے دیو بندی ماحول کو مسحور کیا: اور دیو بند کے اسٹیج پر تالیوں کی گونج میں اپنے خطاب سے جشن دیو بند کو مستفیض فرمایا: بانیء دیو بند کے نواسے اور مدرسہ دیو بند کے بزرگ مہتمم قاری محمد طیب صاحب نے اندرا دیوی کو عزت مآب وزیر اعظم ہندوستان کہہ کر خیر مقدم کیا اور اسے بڑی بڑی ہستیوں میں شمار کیا: اور اندرا دیوی نے اپنے خطاب میں بالخصوص کہا کہ ہماری آزادی اور قومی تحریکات سے دارالعلوم دیو بند کی وابستگی اٹوٹ رہی ہے: علاوہ ازیں جشن دیو بند کے اسٹیج سے پنڈت نہرو کی رہنمائی و متحدہ قومیت کے سلسلہ میں بھی دیو بند کے کردار کو اہتمام سے بیان کیا گیا: بھارت کے پہلے صدر راجندر پرشاد کے حوالہ سے دیو بند کو آزادی (ہند) کا ایک مضبوط ستون قرار دیا گیا۔(ماہنامہ رضائے مصطفٰی گوجرانوالہ جمادی الاخریٰ ۱۴۰۰ھ مطابق اپریل ۱۹۸۰ء۔)

یادگار اخباری دستاویز:۔

نئی دہلی ۲۱۔مارچ (ریڈیو رپورٹ) اے آئی آر) دارالعلوم دیو بند کی صد سالہ تقریبات شروع ہوگئیں بھارت کی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے تقریبات کا افتتاح کیا۔(روزنامہ مشرق۔نوائے وقت لاہور ۲۲،۲۳۔مارچ ۱۹۸۰ء)

تقریر:۔

مسز اندرا گاندھی نے کہا دارالعلوم دیو بند نے ہندوستان میں مختلف مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان رواداری پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا اس نے دیگر اداروں کے ساتھ مل جل کر آزادی کی جدوجہد کو آگے بڑھایا۔انھوں نے دارالعلوم کا موازنہ اپنی پارٹی کانگریس سے کیا (روزنامہ جنگ راولپنڈی ۲۳ مارچ)

تصویر:۔

روزنامہ جنگ کراچی ۱۲ اپریل کی ایک تصویر میں مولویوں کے جھرمٹ میں ایک ننگے منہ ننگے سر برہنہ بازو۔عورت کو تقریر کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔اور تصویر کے نیچے لکھا ہے۔مسز اندرا گاندھی دارالعلوم دیو بند کی صد سالہ تقریبات کے موقع پر تقریر کر رہی ہیں۔:

روزنامہ نوائے وقت لاہور۔۹۔اپریل کی تصویر میں ایک مولوی کو اندرا گاندھی کے ساتھ دکھایا گیا ہے اور تصویر کے نیچے لکھا ہے۔مولانا راحت گل مسز اندرا گاندھی سے ملاقات کرنے کے بعد واپس آ رہے ہیں۔,

دیگر شرکاء:۔

جشن دیو بند میں مسز اندرا گاندھی کے علاوہ مسٹر راج نرائن، جگ جیون رام، مسٹر بھوگنا نے بھی شرکت کی۔(جنگ کراچی ۱۱۔اپریل)

سنجے گاندھی کی دعوت :۔

اندرا گاندھی کے بیٹے سنجے گاندھی نے کھانے کا وسیع انتظام کر رکھا تھا۔ سنجے گاندھی نے تقریباً پچاس ہزار افراد کو تین دن کھانا دیا۔ جو پلاسٹک کے لفافوں میں بند ہوتا تھا۔ بھارتی حکومت کے علاوہ وہاں کے غیر مسلم باشندوں ہندوؤں اور سکھوں نے بھی دارالعلوم کے ساتھ تعاون کیا۔ (روزنامہ امروز لاہور ۹۔اپریل)

ہندوئوں کا شوق میزبانی :۔

کئی مندوبین (دیوبندی علماء) کو ہندو اصرار کر کے اپنے گھر لے گئے جہاں وہ چار دن ٹھہرے۔ (روزنامہ امروز لاہور ۲۷۔مارچ ۱۹۸۰ء)

حکومتی دلچسپی :۔

اندرا گاندھی اور سنجے گاندھی وغیرہ کی ذاتی دلچسپی کے علاوہ اندرا حکومت نے بھی جشن دیوبند کے سلسلہ میں خاصی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ اور اس جشن کے خاص انتظام واہتمام کے لئے ملک وحکومت کی پوری مشیزی حرکت میں آگئی اور بڑے بڑے سرکار حکام نے بہت پہلے سے اس کو ہر اعتبار سے کامیاب با مقصد اور نتیجہ خیز بنانے کے لئے اپنے آرام وسکون کو قربان کر دیا۔ اور شب وروز اسی میں لگے رہے ریلوے، ڈاک، پریس، ٹی وی، ریڈیو اور پولیس کے حفاظتی عملہ نے منتظمین جشن کے ساتھ جس فراخدلی سے اشتراک وتعاون کیا ہے۔ اس صدی میں کسی مذہبی جشن کے لئے اسکی مثال دور دور تک نظر نہیں آتی۔ (ماہنامہ فیض رسول براؤن بھارت۔ مارچ ۱۹۸۰ء)

ڈیڑھ کروڑ :۔

جشن دیوبند کے مندوبین نے واپسی پر بتایا کہ جشن دیوبند کی تقریبات پر بھارتی حکومت نے ڈیڑھ کروڑ روپے خرچ کئے اور ساٹھ لاکھ روپے دارالعلوم نے اس مقصد کے لئے اکٹھے کئے۔ (روزنامہ امروز لاہور ۲۷ مارچ ۱۹۸۰ء)

۳۰۔ لاکھ :۔

مرکزی حکومت نے قصبہ دیوبند کی نوک پلک درست کرنے کے لئے، ۳۰ لاکھ روپیہ کی گرانٹ الگ مہیا کی۔ روٹری کلب نے ہسپتال کی صورت میں اپنی خدمات پیش کیں۔ جس میں دن رات ڈاکٹروں کا انتظام تھا۔ (روزنامہ جنگ راولپنڈی ۲۔اپریل ۱۹۸۰ء)

کسٹم :۔

ہنگامی طور پر جلسہ کے گرد متعدد نئی سڑکوں کی تعمیر کی گئی اور بجلی کی ہائی پاور لائن مہیا کی گئی بھارتی کسٹم اور امیگریشن حکام کا رویہ بہت اچھا تھا۔ انھوں نے مندوبین کو کسی قسم کی تکلیف نہیں آنے دی۔ (روزنامہ امروز لاہور ۱۹ اپریل ۱۹۸۰ء)

اخراجات جشن :۔

تقریباً جشن کے انتظامات وغیرہ پر ۷۵ لاکھ سے زائد رقم خرچ کی گئی، پنڈال پر چار لاکھ سے بھی زیادہ کی رقم خرچ ہوئی۔ کیمپوں پر ساڑھے چار لاکھ سے بھی زیادہ کی رقم خرچ ہوئی۔ بجلی کے انتظام پر ۳ لاکھ سے بھی زیادہ روپیہ خرچ ہوا۔(روزنامہ جنگ راولپنڈی ۲۔اپریل مروز لاہور ۹۔اپریل ۱۹۸۰ء)

اندرا سے استمداد :

مفتی محمود نے اسٹیج پر مسز اندرا گاندھی سے ملاقات کی اور ان سے دہلی جانے اور ویزے جاری کرنے کے لئے کہا۔اس پر اندرا گاندھی نے ہدایت جاری کی کہ اسے ویزے جاری کر دیئے جائیں۔ چنانچہ بھارتی حکومت نے دیوبند میں ویزا آفس کھول دیا۔(روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۶ مارچ ۱۹۸۰ء)

دیوبند کے تبرکات:

زائرین دیوبند وجشن دیوبند میں شرکت کے علاوہ واپسی پر وہاں سے بیشمار تحفے تحائف بھی ہمراہ لائے ہیں ان میں کھیلوں کا سامان ہاکیاں طور کرکٹ گیندوں کے علاوہ سیب، گنے، ناریل، کیلا، اناناس، کپڑے، جوتے، چوڑیاں، چھتریاں اور دوسرا اسٹیکروں قسم کا سامان شامل ہے۔ حد تو یہ ہے کہ چند ایک زائرین اپنے ہمراہ لکڑی کی بڑی بڑی پارٹیشنیں بھی لاہور لائے ہیں۔(روزنامہ مشرق۔نوائے وقت ۲۶ مارچ ۱۹۸۰ء)

تاثرات

احتشام الحق تھانوی:

کراچی ۲۲۔مارچ مولانا احتشام الحق تھانوی نے کہا ہے کہ دارالعلوم دیوبند کا صد سالہ اجلاس جو مذہبی پیشوا اور علماء ومشائخ کا خالص مذہبی اور عالمی اجتماع ہے اس کا افتتاح ایک (غیر مسلم اور غیر محرم خاتون) کے ہاتھ سے کرا کر نہ صرف مسلمانوں کی مذہبی روایات کے خلاف ہے بلکہ ان برگزیدہ مذہبی شخصیتوں کے تقدس کے منافی بھی ہے جو اپنے اپنے حلقے اور علاقوں سے اسلام کی اتھارٹی اور ترجمان ہونے کی حقیقت سے اجتماع میں شریک ہوئے ہیں۔ایشیا کی دینی درسگاہ کے اس خالص مذہبی صد سالہ اجلاس کو ملکی سیاست کے لئے استعمال کرنا ارباب دارالعلوم کی جانب سے مقدس مذہبی شخصیتوں کا بدترین استحصال اور اسلاف کے نام پر بدترین قسم کی استخوان فروشی ہے ہم ارباب دارالعلوم کے اس غیر شرعی اقدام پر اپنے دلی رنج وافسوس کا اظہار کرتے ہیں۔اس شرمناک حرکت کی ذمہ داری دارالعلوم دیوبند کے مہتمم پر ہے۔جنہوں نے دارالعلوم کی صد سالہ روشن تاریخ کے چہرے پر کلنک کا ٹیکہ لگا دیا ہے۔(روزنامہ امن کراچی ۲۴۔مارچ ۱۹۸۰ء)

وقار انبالوی :

مولانا احتشام الحق صاحب کا یہ کہنا:

(یہ دیو بند مسز اندرا ایں چہ بوالعجبی است)

کی وضاحت ہی کیا ہو سکتی ہے۔ یہ تو اب تاریخ دیو بند کا ایک ایسا موڑ بن گیا ہے کہ مورخ اسے کسی طرح نظر انداز کر ہی نہیں سکتا۔اس کے دامن سے یہ داغ شاید ہی مٹ سکے۔ وقتی مصلحتوں نے علمی غیرت اور حمیت فقر کو گہنا دیا تھا۔اس فقیر کو یاد ہے کہ متحدہ و قومیت کی تارنگ میں ایک مرتبہ بعض علماء سوامی سرد ہانند کو جامع مسجد دہلی کے منبر پر بٹھانے کا ارتکاب بھی کر چکے ہیں لیکن دو برس بعد اسی سرد ہانند نے مسلمانوں کو شدھی کرنے یا بھارت سے نکالنے کا نعرہ بھی لگایا تھا۔(سر راہے نوائے وقت ۲۹۔مارچ ۱۹۸۰ء)

جشن دیوبند پر قہر خداوندی :

دارلعلوم دیو بند کے اجلاس صد سالہ کے بعد سے (جس میں کچھ باتیں ایسی بھی ہوئیں جو یقیناً اللہ تعالیٰ کی رحمت اور نظر عنایت سے محروم کرنے والی تھیں) ایک خانہ جنگی شروع ہوئی جو برابر جاری ہے اور اس عاجز کے نزدیک وہ خداوندی قہر و عذاب ہے۔راقم سطور ساٹھ سال سے اخبار اور رسائل کا مطالعہ کرتا رہا ہے ان میں وہ رسالے اور اخبارات بھی ہوتے ہیں جن میں سیاسی یا مذہبی مخالفین کے خلاف لکھا جاتا تھا اور خوب خبر لی جاتی تھی۔۔۔۔۔۔۔لیکن مجھے یاد نہیں کہ ان میں سے کسی کے اختلافی مضامین میں شرافت کو اتنا پامال اور رزالت و سفالت کا ایسا استعمال کیا گیا ہو جیسا کہ ہمارے دار العلوم دیو بند سے نسبت رکھنے والے ان مجاہدین قلم نے کیا ہے۔پھر ہماری انتہائی بدقسمتی کہ ان میں وہ حضرات بھی ہیں جو دار العلوم کے سند یافتہ فضلاء بتلائے جاتے ہیں۔(ماہنامہ الفرقان لکھنو فروری ۱۹۸۱ء الاعتصام لاہور ۲۰۔مارچ)

سیارہ ڈائجسٹ :

اناری اسٹیشن پر ٹکٹیں خریدی گئیں تو پتہ چلا کہ حکومت بھارت نے (جشن دیو بند کے) شرکاء کو یکطرفہ کرایہ میں دو طرفہ سفر کی رعایت دی ہے۔بعض لوگ کفار کی طرف سے اس رعایت یا مدد کو مسترد کرنے پر اصرار کر رہے تھے۔مگر جب انہیں بتایا گیا کہ اسی کافر حکومت نے جشن دیو بند کی تقریبات کے انتظامات پر ایک کروڑ سے زائد رقم لگائی ہے اور گیسٹ ہاؤس بھی بنوا دیا ہے۔تو یہ اصحاب ندامت سے بغلیں جھانکنے لگے۔دیو بند میں اندرا گاندھی، جگ جیون رام، چرن سنگھ، جیسی معروف شخصیتیں مدعو کی گئی ہوئی تھیں۔اور دیو بند تقریبات پر حکومت نے ایک کروڑ ۲۰۔لاکھ روپے صرف کیئے اور ہر طرح کی سہولتیں بہم پہنچائیں۔دیو بند کی افتتاحی تقریب میں جب اندرا گاندھی نے اپنی تقریر میں مسلمانوں کو ہندوستانی قومیت کے تصور ہم آہنگ کر کے مسلم قومیت کے تصور کی بیخ کنی کی تو وہاں موجود چوٹی کے علماء کو اسلام کے اس عظیم اور بنیادی فلسفہ کی تشریح اور تصحیح کی جراءت نہ ہوئی۔حکیم الامت (اقبال) نے کانگریس کے علماء کی اسی ذہنی کیفیت کو بھانپ کر فرمایا تھا:

عجم ہنوز نہ داند رموز دیں ورنہ

تلاوت وترانہ کے بعد اسٹیج پر کچھ غیر معمولی حرکات کا احساس ہوا۔اس لئے کہ شریمتی اندرا گاندھی افتتاح اجلاس میں آرہی ہیں۔اسٹیج پر موجودہ تمام عرب وفود دو رویہ ہو کر کھڑے ہو گئے۔اندرا گاندھی ان سب کے خوش آمدید کا مسکراہٹ سے جواب دیتے ہوئے آئیں۔ انہیں مہمان خصوصی کی کرسی پر جو صاحب صدر اور قاری محمد طیب کی کرسیوں کے درمیان تھی بٹھایا گیا (جبکہ دیگر بڑے بڑے علماء بغیر کرسی کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے۔شریمتی کو دیکھنے کے لئے زبردست ہلچل مچی تمام حاضرین اور خصوصا پاکستانی شرکاء شریمتی کو دیکھنے کے لئے بے تاب تھے۔شریمتی ایک مرصع اور سنہری کرسی پر لاکھوں لوگوں کے سامنے جلوہ گر تھیں۔شریمتی نے سنہری رنگ کی ساڑھی پہنی ہوئی تھی اور ان کے ہاتھ میں ہلکے رنگ کا ایک بڑا سا پرس تھا۔قاری محمد طیب صاحب کے خطبہء استقبالیہ کے دوران مصر کے وزیر اوقاف عبداللہ سعود نے شریمتی اندرا گاندھی سے ہاتھ ملایا۔نیز شریمتی ارو مفتی محمود صاحب تھوڑی دیر اسٹیج پر کھڑے کھڑے باتیں کرتے رہے۔(بعض شرکاء دیوبند کا کہنا ہے کہ اندرا گاندھی بن بلائی آئی تھی) اگر یہ درست مان لیا جائے تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اسے مہمان خصوصی کی کرسی پر کیوں بٹھایا گیا تقریر کیوں کرائی گئی؟ چرن سنگھ اور جگ جیون رام وغیرہ نے ایک مذہبی سٹیج پر کیوں تقاریر کیں؟ کیا یہ سب کچھ دارالعلوم دیوبند کے منتظمین کی خواہش کے خلاف ہوتا رہا؟ دراصل ایک جھوٹ چھپانے کے لئے انسان کو سو اور جھوٹ بولنے پڑتے ہیں۔کاش! خدا علماء کو سچ بولنے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

ایک پاکستانی ہفت روزہ میں مولانا عبدالقادر آزاد نے غلط اعداد و شمار بیان کئے ہیں۔یہ بات انتہائی قابل افسوس ہے ان کے مطابق دس ہزار علماء کا وفد پاکستان سے گیا تھا۔حالانکہ علماء وطلبہ ملا کر صرف ساڑھے آٹھ سو افراد ایک خصوصی ٹرین کے ذریعے دیوبند گئے تھے۔ اجتماع کی تعداد مولانا نے کم از کم ایک کروڑ بتائی ہے۔حالانکہ خود منتظمین جلسہ کے بقول پنڈال تین لاکھ آدمیوں کی گنجائش کے لئے بنایا گیا تھا۔کاش! ہم لوگ حقیقت پسند بن جائیں۔اعداد و شمار کو بڑھا بڑھا کر بیان کرنا انتہائی افسوس ناک ہے۔عرب وفود کیلئے طعام و قیام کا عالیشان انتظام تھا۔ڈائننگ ہال اور اس طعام کا ٹھیکہ دہلی کے انٹر کانٹی نینٹل ہوٹل کا تھا۔عربوں کے لئے اس خصوصی انتظام نے مساوات اسلامی سادگی اور علماء ربانی کے تقدس کے تصور کی دھجیاں اڑا دیں۔ایسا لگتا تھا کہ کل انتظام کا ۷۵ فیصد طوجہ عرب وفود کی دیکھ بھال اور اہتمام کی وجہ سے تھا۔(ماہنامہ سیارہ ڈائجسٹ لاہور جون ۱۹۸۰ آنکھوں دیکھا حال)

سیدہ اندرا گاندھی :

روزنامہ اخبار العالم الاسلامی سعودی عرب نے لکھا کہ سعودی حکومت نے دارالعلوم دیوبند کو دس لاکھ روپے وظیفہ دیا۔جبکہ سیدہ اندرا گاندھی نے جشن دیوبند کے افتتاحی اجلاس میں خطاب کیا۔(۱۴۔جمادی الاولیٰ ۱۴۰۰ھ)

غلام خان درمدح مشرک :

روزنامہ جنگ راولپنڈی۔یکم اپریل ۱۹۸۰ء کی اشاعت میں ایک باتصویر اخباری کانفرنس میں مولوی غلام خاں کا بیان شائع ہوا کہ جشن دیوبند کو کامیاب بنانے کے لئے بھارت کی حکومت نے بڑا تعاون کیا ہے۔سوا کروڑ روپے خرچ کر کے اندرا حکومت نے اس مقصد کے

لئے سڑکیں بنوائیں، نیا اسٹیشن بنوایا ہم سے نصف کرایہ لیا اور دیوبند کی تصویر والی ٹکٹ جاری کی۔ وزیر اعظم اندرا گاندھی نے بھارت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر دیا ہے وہاں باہر سے کوئی چیز نہیں منگواتے اس کے مقابلے میں پاکستان اب بھی گندم تک باہر سے منگوا رہا ہے۔ پاکستان میں باہمی اختلافات اور نوکر شاہی نے ملک کو ترقی کی بجائے نقصان کی طرف گامزن کر رکھا ہے۔ (روزنامہ جنگ راولپنڈی)

یاد رہے :۔

کہ مولوی غلام خاں کا یہ آخری اخباری بیان تھا۔ جس میں اس موحد نے عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی طرح صد سالہ جشن دیوبند کو بدعت قرار دینے اور دیگر تکلفات وفضول خرچی بالخصوص ایک دشمن السام و پاکستان بے پردہ وغیر محرم کافرہ مشرکہ کی شمولیت کی پر زور مذمت کرنے کی بجائے الٹا جشن دیوبند کی کامیابی واندرا گاندھی کی کامیابی واحسانات کے ذکر و بیان کے لئے باقاعدہ پریس کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ اور اندرا حکومت کی توصیف اور اس کے بالمقابل پاکستان کی تنقیص کی گئی اور ساری عمر غیر اللہ کی امداد استمداد کا انکار کرنے والوں نے اندرا حکومت کے بڑے تعاون کو بڑے اہتمام سے بیان کیا۔ اور ساری عمر یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پکارنے والے صحیح العقیدہ سنی مسلمانوں کو خواہ مخواہ مشرک و بدعتی قرار دے کر مخالف کرنے والے آخر عمر میں کافرہ مشرکہ کی مدح کرنے لگے۔ جس پر قدرت خداوندی کے تحت آخری انجام بھی عجیب وغریب اور عبرتناک ہوا۔

چنانچہ

محمد عارف رضوی ملتانی خطیب فیصل آباد کے ایک مطبوعہ اشتہار میں دوبئی سے مختار احمد صاحب کا ایک خط بدیں الفاظ شائع ہوا ہے۔ کہ میں اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر جان کر لکھتا ہوں کہ (دوبئی میں) میں نے خود پہلے ان کی تقریر سنی جو انہوں نے یہاں کی۔ تقریبا دو گھنٹے تک آپ تقریر کرتے رہے۔ ہزاروں لوگ تقریر سننے آئے ہوئے تھے۔ مولانا غلام اللہ خاں صاحب نے خوب خوب سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی کی پہلے میں خود بھی ان کا مداح تھا۔ پھر تقریر کرتے ہوئے انہیں دل پر درد پڑا۔ اور انہیں ہسپتال لایا گیا۔ وہ پلنگ سے اچھل کر چھت تک جاتے اور پھر زمین پر آپڑتے۔ ڈاکٹر سب کمرہ چھوڑ کر بھاگ گئے۔ میں چھپ کر دیکھتا رہا اور کانپتا رہا۔ اسی کشمکش میں تقریبا ایک گھنٹہ گزرا پھر خاموشی ہوگئی۔ کوئی اندر جانے کو تیار نہ تھا۔ میں نے ڈاکٹر کو بلایا۔ جب کافی آدمی جمع ہوئے، اکٹھے اندر گئے اور دیکھا کہ ان کا رنگ سیاہ پڑ چکا ہے زبان منہ سے باہر نکل کر لٹک رہی تھی اور آنکھیں باہر ابل آئی تھیں۔ مجبوراً اسی طرح پیٹی میں بند کر کے پاکستان بھیج دیا گیا۔ میں تین چار دن بیمار رہا اور راتھ اٹھ کر بھاگتا تھا۔ پھر توبہ استغفار پڑھی اور کچھ میں ٹھیک ہوا۔ یہ تھی ان کی تقریر اور انجام۔ خدا کی لاٹھی بے آواز تھی کام کر گئی۔ (مختار احمد ۱۹ ستمبر ۱۹۸۰ء دوبئی)

نوائے وقت کی تائید:

روزنامہ نوائے وقت کے خصوصی نمائندہ کی رپورٹ سے بھی مختار احمد صاحب کے مذکورہ مکتوب کی تائید ہوتی ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ جگہ جگہ لوگوں نے مولانا (غلام خان) کی میت کا آخری دیدار کرنے کی کوشش کی۔ لیکن انہیں کامیابی نہ ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔ حتیٰ کہ جب

مولانا کی میت لحد میں اتاری جانے لگی۔ تو طبی وجوہ کی بناء پر اس وقت بھی خواہش مند سوگواروں کو مولانا کی میت کا آخری دیدار نہیں کرایا گیا۔ (روزنامہ نوائے وقت لاہور۔ راولپنڈی ۲۹ مئی ۱۹۸۰ء) ظاہر ہے کہ بقول مختار احمد دال میں کچھ کالا ہے ضرور تھا۔ ورنہ کیا وجہ تھی کہ بزعم خویش ساری عمر قرآن پاک کی تبلیغ کرنے والے اور شیخ القرآن کہلانے والے کا چہرہ بھی نہ دکھایا گیا۔ جب کہ بیرونی ممالک سے لائی جانے والی عام لوگوں کی میت کا بھی آخری دیدار کرایا جاتا ہے۔

یہ ہے مسلمانوں کو مشرک بنانے اور اصلۂ نسلی مشرکوں کی تعظیم و مدح سرائی کا عبرتناک انجام اور جشن دیوبند منانے اور جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر فتوے لگانے کی قدرتی گرفت و سزا۔

والعیاذ باللہ

قادری محمد طیب :

مہتمم دارالعلوم دیوبند بھی دیوبند سے بیدخلی کے باعث اسی کشمکش میں دنیا سے چل بسے جو جشن دیوبند کی نحوست و شامت کے باعث خانہ جنگی کی صورت میں پیدا ہوئی۔ حتیٰ کہ آخری وقت ان کا جنازہ بھی دارالعلوم میں سے نہ گزرنے دیا گیا۔ (روزنامہ جنگ ۲۱۔ اگست ۱۹۸۳ء)

اگر در خانہ کس است   یک حرف بس است

اندراگاندھی کا مرثیہ :

بھارتی وزیراعظم آنجہانی مسز اندرا گاندھی کے قتل پر جس طرح پاکستان میں موجود سابق قوم پرست علماء اور کانگریس کے سیاسی ذہن و فکر کے ترجمان وارثان منبرہ محراب نے تعزیت کی ہے وہ کوئی قابل فخر اور دینی حلقوں کیلئے عزت کا باعث نہیں ہے۔ قومی اخبارات میں خبر شائع ہوئی ہے کہ نظام العلماء پاکستان کے نامور رہنماؤں مولانا محمد شریف وٹو مولانا زاہد الراشدی اور مولانا بشیر احمد شاد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ: اندرا گاندھی نے اپنے اقتدار میں جمعیت علماء ہند اور دارالعلوم دیوبند کی قومی خدمات کا ہمیشہ اعتراف کیا اور ہر طرح کی معاونت اور حوصلہ افزائی کرتی رہیں۔ نیز ان رہنماؤں نے یہ بھی کہا کہ اندرا نے جشن دیوبند میں اکابر دیوبند سے اپنے خاندانی تعلقات کا برملا اظہار کیا یہ پڑھ کر انسان حیرت میں ڈوب جاتا ہے کہ سیکولرازم کے علمبرداران سابق کانگرسی علماء کو ابھی تک اندرا کے خاندانی تعلق پر کس قدر فخر ہے۔ کس قدر ستم کی بات ہے کہ ان مٹھی بھر لوگوں نے ابھی تک اپنے دل میں پاکستان کی محبت کی بجائے اندرا گاندھی سے تعلق کو سجا رکھا ہے۔ اس لئے پاکستان کی تلخیاں اپنے دل سے نہیں نکال سکے۔۔۔۔۔۔ مولانا شبیر احمد عثمانی کو ان کے اپنے قول کے مطابق جس طرح فرزندان دیوبند کو اکثریت غلیظ گالیوں سے نوازتی تھی وہ فکر آج تک ان لوگوں کے سینوں میں عداوتِ پاکستان کا ایک تناور درخت بن چکی ہے، ورنہ اس وقت پنڈت موتی لال نہرو، پنڈت جواہر لال نہرو کا جناب سید احمد بریلوی اور جناب اسماعیل دہلوی سے فکری تعلق جوڑنے کی کیا ضرورت تھی، دیوبند کے ان رہنماؤں نے یہ بیان دے کر آج بھی دو قومی نظریے کی نفی کی ہے۔ تحریک پاکستان میں ہندوؤں کے ساتھ کانگریسی خیال کے علماء کے کردار کو نمایاں کرنا ہمارے لئے باعثِ شرم ہے۔ (روزنامہ آفتاب لاہور 3 نومبر 1984ء)

دیوبند بریلی کی راہ پر :۔

ماہ جمادی الاخر 1409ھ میں اہلسنت کی دیکھا دیکھی علمائے دیوبند نے بھی دھوم دھام سے نہ صرف یوم صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی منایا بلکہ عین یوم وصال 22 جمادی الاخر کو مختلف مقامات پر جلوس نکالا اور سرکاری طور پر نہ صرف یوم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بلکہ ایام خلفائے راشدین منانے اور یوم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر تعطیل کرنے کا مطالبہ کیا۔(تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔اخبار جنگ لاہور۔یکم فروری۔ نوائے وقت 2.3 فروری مشرق لاہور 30 جنوری1989ء) نیز ایک دیوبندی انجمن سیالکوٹ کی طرف سے 22 رجب کو یوم امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی سرکاری طور پر منانے اور اس دن تعطیل کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔(نوائے وقت 13 فروری 1989ء)

انجمن سپاہ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم بنام سپاہ صحابہ :۔

رحیم یار خان اور صادق آباد میں بھی دیوبندی سپاہ صحابہ کے زیر اہتمام یوم صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر بڑے اہتمام سے جلوس نکالا گیا چنانچہ انجمن سپاہ مصطفٰی رحیم یار خان نے دیوبندی علماء سے جواب طلبی کی کہ بتاؤ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا جلوس ناجائز کیوں؟اور وصال صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا جلوس جائز کیوں ؟ اس پر انجمن سپاہ صحابہ کے دیوبندی علماء پر سناٹا چھا گیا۔البتہ مولوی محمد یوسف دیوبندی نے ذرا ہمت کی اور انجمن سپاہ صحابہ کے مولوی حق نواز جھنگوی وغیرہ پر بدیں الفاظ فتوٰی عائد کیا کہ لوگوں نے ایک نئے انداز سے صحابہ کرام کے دن منانے شروع کر دیئے ہیں کو کہ صریح بدعت اور شرعاً ناپسندیدہ فعل ہے نہ ہی شریعت مقدسہ میں اس قسم کے جلوسوں کی اجازت ہے اور نہ ہی علماء دیوبند کا ان جلوسوں سے کوئی تعلق ہے،اللہ تعالٰی ان (حق نواز دیوبندی وغیرہ) کو ہدایت دے کہ بدعات کے اختراع کی بجائے سنتوں کو زندہ کریں۔(مولوی محمد یوسف دار العلوم عثمانیہ) چک نمبر پی 88 رحیم یار خان بتاریخ 24 جمادی الاخر 1409ھ

بمصداق مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

مولوی محمد یوسف دیوبندی کے فتوٰی سے ثابت ہو گیا کہ دیوبندی وہابی مکتب فکر کی انجمن سپاہ صحابہ اور بالخصوص اس انجمن کے لیڈر مولوی حق نواز جھنگوی اور ان کے رفقاء گمراہ و بدعتی ہیں جنہوں نے صریح بدعت و شرعاً ناپسندیدہ فعل اور بدعات کے اختراع کا ارتکاب کیا ہے، بلکہ مولوی یوسف دیوبندی کے علاوہ باقی تمام علماء دیوبند۔مولوی سرفراز گکھڑوی،عنایت اللہ بخاری اور ضیاء القاسمی دیوبندی وغیرہ ہم بھی مولوی حق نواز دیوبندی کے شریک جرم ہیں۔جنہوں نے سپاہ صحابہ کے بدعات کے مظاہرہ پر اپنی خاموشی سے کم از کم نیم رضامندی کا ثبوت دیا۔مذکورہ تمام ناقابل تردید حقائق وشواہد اور حوالہ جات سے فرزندان نجد و دیوبند غیر مقلدین و دیوبندی علماء کا دورخا منافقانہ کردار واضح ہوگیا۔کہ ان لوگوں کو محض شان رسالت وولایت سے عداوت کے باعث میلاد شریف اور عرس وگیارہویں شریف سے عناد ہے اور خودساختہ جشن دیوبند و بدعات اہلحدیث سے انہیں کوئی تکلیف نہیں۔

نوٹ:یوم صدیق اکبر رضی اللہ تعالٰی عنہ کی طرح یک محرم ۱۴۱۲ھ کو دیوبندی انجمن سپاہ صحابہ نے ملک بھر میں یوم فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ بھی منایا اور جلوس بھی نکالا۔

جشن غیر مقلدین بزعم خویش اہلحدیث:

منکرین شان رسالت ق مخالفین جشن میلا د و جلوس مبارک کے فریق اول علماء دیو بند کے صد سالہ جشن دیو بند کی تفصیلات ملاحظہ فرمانے کے بعد فریق دوم غیر مقلدین کے جشن و جلوسوں اور دیگر بدعات کا بھی با حوالہ تاریخی بیان مطالعہ فرمائیں اور ان لوگوں کی شان رسالت دشمنی کا اندازہ لگائیں۔ ماہنامہ رضائے مصطفیٰ گوجرانوالہ نے جشن غیر مقلدین کے موقع پر اسی وقت تازہ تازہ بعنوان اسے کیا کہیئے تحریر کیا کہ:

غیر مقلدین اہلحدیث کے شرک و بدعت پر مبنی اصولوں کے تحت روضہ ءنبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے مدینہ منورہ کا شدرحال بھی شرک و معصیت ہے۔ عرس و میلا د و گیارہویں وغیرہ کیلئے وقت و دن کا تعین و اہتمام بھی بدعت و نا جائز ہے۔ اور جشن عید میلا د النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ آلہ وسلم کی عظیم الشان تقریب پر جلوس و جھنڈیوں وغیرہ کا اہتمام بھی اسراف و بدعت اور بے ثبوت ہے۔ مگر برعکس اس کے قائد اہلحدیث احسان الٰہی ظہیر کی قیادت میں جمعیت اہلحدیث نے ۱۸۔ اپریل ۱۹۸۶ء بروز جمعۃ المبارک کا تعین کر کے موچی دروازہ لاہور میں کثیر اخراجات کے ساتھ جلسہ ءعام کا انعقاد کیا۔ مختلف علاقوں اور شہروں سے جھنڈوں کے ساتھ جلوسوں کی صورت میں موچی دروازہ لاہور پہنچنے کا اہتمام و انتظام کیا۔ اور موچی دروازہ لاہور کے سفر و شدرحال کے لئے اخبارات و اشتہارات میں مسلسل اعلان کیا گیا کہ:

چلو چلو، لاہور چلو　　　　موچی دروازہ لاہور چلو

گویا جو موچی دروازے نہیں گیا وہ اہلحدیث نہیں رہا اور ۱۸۔ اپریل کو سب سے بڑی بدعت کا ارتکاب یوں کیا گیا کہ اہلحدیث مساجد میں نماز جمعہ کا ناغہ کر کے اور مساجد کو بے آباد کر کے موچی دروازہ میں نماز جمعہ کا اہتمام کیا۔ (جنگ لاہور۔ ۱۵ اپریل ۱۹۸۶ء)

ہے کوئی اہلحدیث:

جو موچی دروازہ لاہور کی مذکورہ بدعات و اسراف اور اس پر مستزاد تالی و فوٹو بازی کا جواز و ثبوت قرآن و حدیث سے پیش کرے یا پھر ان سب بے ثبوت و غلط امور کی انجام دہی کے بعد روضہ ءنبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت، عرس و میلا د گیارہویں کی تقاریب اور جلوس میلا د و جھنڈیوں وغیرہ کے خلاف اپنی فتویٰ بازی واپس لینے کا اعلان کرے، ورنہ یہی سمجھا جائے گا کہ ان لوگوں کی طرف سے خود جشن منانا اور جشن میلا د و جلوس مبارک کے خلاف فتویٰ بازی کرنا محض شان رسالت سے دشمنی پر مبنی ہے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

جشن لاہور:۔

کے علاوہ مقلدین نے مختلف مقامات پر جلسہ ءعام کے نام پر جشن منانے کے علاوہ گوجرانوالہ میں بھی ۱۹۔ مئی ۱۹۸۶ء کو بالخصوص جلسہ ءعام کے جشن و جلوسوں کا بہت اہتمام کیا۔ اور جلسہ ءہذا میں فوٹو بازی پٹاخے بازی و تالی بجانے کے علاوہ وڈیو فلمیں بھی تیار کی گئیں۔ (روزنامہ نوائے وقت ۱۰، ۱۱۔ مئی ۱۹۸۶ء)

غیر مقلدین:۔

کے ظہیر گروپ کے مذکورہ اعمال نامہ کے بعد ان کے میاں فضل حق ولکھوی گروپ کا اعمال نامہ بھی ملاحظہ ہو۔

۸۔اگست ۱۹۸۶ء بروز جمعہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مولانا معین الدین لکھوی اور جمعیت کے ناظم اعلیٰ میاں فضل حق ایک روز دورہ پر گوجرانوالہ پہنچے تو پل نہر اپر جناب پر مرکزی جمعیت اہلحدیث، مرکزی جمعیت شبان اہلحدیث اور جمعیت رفقائے اسلام کے سینکڑوں کارکنوں کے علماء کی قیادت میں ان کا شاندار استقبال کیا اور انہیں جلوس کی شکل میں جامع مسجد مکرم ماڈل ٹاؤن لایا گیا راستہ میں شیرانوالہ باغ کے قریب خاکسار تحریک کے ایک دستہ نے سالار اکبر غلام مرتضٰے اور عنایت اللہ کی سربراہی میں ان رہنماؤں کو اکیس گولوں کی سلامی دی۔شرکاء جلوس پاکستان کے قومی پرچم اور جمعیت اہلحدیث کے جھنڈے اٹھائے ہوئے تھے۔بعد نماز جمعہ جمعیت شبان اہلحدیث نے مسجد مکرم سے شریعت بل کی حمایت میں ایک جلوس نکالا۔یہ جلوس سرکلر روڈ سے ہوتا ہوا جامعہ اشرفیہ میں پہنچ کر جلسہء عام میں شامل ہو گیا۔

(روزنامہ نوائے وقت جنگ مشرق لاہور۔۹۔۱۰ اگست ۱۹۸۶ء)

منکرین جشن میلاد و جلوس مبارک کا مذکورہ اعمال نامہ اور تاریخی دستاویز بمصداق: داشتہ آید بکار آید۔اپنے پاس محفوظ وذہن نشین رکھنے کے علاوہ ملاحظہ فرمائیں۔کہ ان لوگوں کے ہاں اپنے لئے اور اپنے مولویوں اور لیڈروں کے لئے ہر طرح شان وشوکت، جشن وجلوس، گولوں کی سلامی اور جھنڈے وغیرہ تکلفات ورسومات سب کچھ ناجائز وروا ہے۔مگر نجدی دیوبندی دھرم میں پابندی ہے۔تو صرف جشن میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جشن وجلوس مبارک پر ہے۔کوئی مفتیء نجد و دیوبند جو اپنی دوعملی و دورنگی اور اس دوہرے معیار کی کوئی دلیل کتاب وسنت سے پیش کرے۔جس کا منافقانہ طور پر بڑا پراپیگنڈہ کیا جاتا ہے۔تف ہے ایسی نام نہاد مسلمانی توحید پرستی پر۔

نوٹ:۔

ہم نے اخباری بیانات ورپوٹنگ سے اہلحدیث کے جشن وجلوسوں کے جو حوالے دیئے ہیں۔انہیں اہلحدیثیوں کے ترجمان ہفت روزہ الاسلام لاہور نے ۲۵۔اپریل اور ۱۶ مئی ۱۹۸۶ء میں اور ہفت روزہ اہلحدیث لاہور نے ۸۔اور ۱۵۔اگست کی اشاعت میں بھی نقل اور تسلیم کیا ہے۔

عید:۔

بلکہ الاسلام نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ موچی دروازہ کے تاریخی جلسہ کی تیاریاں تقریباً تین ہفتوں سے جاری تھیں۔اور عید کے چاند کی طرح ہر تاریخ اس انتظار میں گزر رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔بالآخر ۱۸۔اپریل کا آفتاب ایک نیا ولولہ اور ایک نئی روشنی لے کر طلوع ہوا۔(الاسلام ۲۵۔اپریل ۱۹۸۶ء ص:۴)

منکرین میلاد:

جلوس مبارک کی شان رسالت سے عداوت اور ازلی شقاوت واندرونی خباثت کا بھی کوئی ٹھکانہ ہے کہ ۱۸۔اپریل) کی انگریزی تاریخ) کو

جلسہء اہلحدیث کے لئے تو ایسی تیاریاں اور سرگرمیاں کہ دن رات ایک کر دیا جائے۔ اور عید کے چاند کی طرح انتظار کیا جائے۔ اور ۱۸۔ اپریل یوم جلسہ کے آفتاب کے طلوع کو نئے ولولے اور نئی روشنی سے تعبیر کیا جائے۔ لیکن یوم عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موقع پر ان بزرگوں پر مردنی چھا جائے۔ لفظ عید کے استعمال سے لے کر ہر چیز کو بدعت و شرک کی عینک سے دیکھنا شروع کر دیں۔ اور ۱۲۔ ربیع الاول کا آفتاب نئے ولولے اور نئی روشنی کی بجائے منکرین کی موت و تباہی کا پیغام لے کر طلوع ہو۔ افسوس ہے ایسی ہٹ دھرمی و کور چشمی پر۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔

اہلحدیث:

کے ایک اور ترجمان ہفت روزہ، الاعتصام، لاہور نے ۲۳۔ مئی ۱۹۸۶ء کی اشاعت میں لکھا ہے کہ:

زہے ماہ رمضان و ایام او   کہ چوں صبح عید است ہر شام او

انصاف پسند:

حضرات غور کریں کہ اس ترجمان اہلحدیث نے کس **وسیع القلبی** کے ساتھ ماہ رمضان کی ہر شام کو صبح عید قرار دے کر عید الفطر سے پہلے ہی ماہ رمضان میں پوری تیس عیدیں زائد بنا ڈالیں ہیں۔ اور یہاں انہیں اپنا یہ کلیہ یاد نہیں رہا کہ اسلام میں صرف دو عیدیں ہیں۔ لہٰذا کسی تیسری عید کی کوئی گنجائش نہیں۔ جس کلیہ کی آڑ میں عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلاف خبث باطنی کا اظہار کیا جاتا ہے گویا اگر ضد و عناد ہے تو صرف حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عید میلاد سے جس کی طفیل اول الاعتصادم رمضان کی ہر شام بھی صبح عید ہے۔

عید کا سماں:

تھانہ کنگن پور موکل میں ۲۔ مئی کو عظیم الشان تاریخی جلسہ ہوا۔ رنگ برنگی جھنڈیوں اور اسٹیج کی سجاوٹ نے عید کا سماں بنا رکھا تھا۔ (اہلحدیث لاہور ۲۲۔ جون ۱۹۸۵ء)

اہلحدیث کے بقول اگر ایک عام جلسہ و اسٹیج کو بال ثبوت رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجانا جائز ہے۔ اس میں کوئی بدعت و فضول خرچی نہیں، تو میلاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جیسی خصوصی تقریب کے لئے محافل میلاد کا انعقاد و سجاوٹ کیسے ناجائز ہو سکتی ہے اور اگر ایک عام قسم کے جلسہ کو خوشی سے عید کا سا سماں بنایا جا سکتا ہے تو اس سے بدرجہا بڑھ کر میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تقریب کو نہایت خوشی کے باعث عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیوں نہیں کہا جا سکتا؟

زنانہ جلوس:

(تحریک نظام مصطفیٰ کے دروان) گوجرانوالہ شہر میں خواتین کے تمام جلوس مدارس اہلحدیث سے نکلے (اہلحدیث لاہور ۲ جنوری ۱۹۷۸ء)

۳۰۔ مارچ ۱۹۷۷ء کے روز مفتی محمود کی زیر صدارت قومی اتحاد کا فیصلہ تھا کہ آج خواتین کا جلوس نکالا جائے گا۔ سوا تین بجے فاطمہ جناح

روڈ سے جلوس کا آغاز ہوا۔ جلوس میں سب سے آگے بیگم ابوالاعلیٰ مودودی تھیں۔ (ہفت روزہ ایشیالاہور ۳۔ اپریل ۱۹۷۷ء)

کیوں جی:

تو میا تحاد سے وابستہ اہلحدیثیو۔ دیوبندیو۔ مودودیو، اگر ۱۹۷۷ء میں نظام مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے زنانہ جلوس بدعت و ناجائز نہیں تھے۔ (حالانکہ ان میں بے پردگی نعرہ بازی اور تالیاں سب کچھ تھا۔) تو بعد میں میلاد مصطفیٰ کے مردانہ جلوس کیوں بدعت و ناجائز ہو گئے۔؟ حاجی حق حق نے کیسی حقیقت افروز بات فرمائی ہے کہ:

تم جو بھی کرو بدعت ایجاد روا ہے

اور ہم جو کریں محفل میلاد برا ہے

۱۲۔ ربیع الاول:

مسلک اہل حدیث کے ترجمان ہفت روزہ اہلحدیث نے بعنوان قدیم صحائف کی گواہی لکھا ہے کہ۔۔۔۔۔۔بھارت میں ایک کتاب بعنوان کلکی اوتار اور محمد صاحب منظر عام پر آئی ہے۔ اس کے مصنف الٰہ آباد یونیورسٹی سنسکرت کے ریسرچ سکالر پنڈت دید پرشاداد پاریہ ہیں۔ اور اس پر آٹھ ہندو پنڈتوں نے تصدیقی نوٹ لکھے ہیں۔ اس کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو۔

کلکی اوتار (عالم انسانیت کے آخری نجات دہندہ برگزیدنبی) کو۔ فرشتوں کے ذریعے مہیا ہوگی۔ حسن وجاہت میں وہ بے مثال ہوں گے۔ ان کا جسم معطر ہوگا۔ وہ مہینے (ربیع الاول کی ۱۲۔ تاریخ کو پیدا ہوں گے۔ وہ شہسوار وشمشیر زن ہوں گے۔

یہ بیان کرنے کے بعد پنڈت دید پرشاد اس نتیجہ پر پہنچے ہوں کہ موصوف آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سبحان اللہ:

غیر مسلموں کی زبانی ان کی پیشین گوئی کے مطابق اہلحدیث کی تصدیق سے شان مصطفوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کتنا عمدہ بیان ہوا۔ جس میں یہ صرف تصریح بھی آ گئی کہ ۱۲۔ ربیع الاول ہی یوم میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

تعجب ہے:

کہ غیر مسلموں کی پیشین گوئی و اہلحدیث کی تصدیق کے مطابق تو یوم ولادت کی ۱۲۔ تاریخ ہو لیکن مسلمان کہلانے اور بعض اہلحدیث بننے والے خواہ مخواہ اس میں انتشار و افتراق کا موجب بنیں۔ مولد خیر البریہ میں نواب صدیق حسن خان بھوپالی غیر مقلد نے لکھا ہے کہ شب ولادت مصطفیٰ میں کوئی شک کسریٰ حرکت میں آیا۔ آتش فارس بجھ گئی (حضرت آمنہ) نے زمین کے مشارق و مغارب کو دیکھا نیز تین جھنڈے دیکھے ایک مشرق میں ایک مغرب میں اور ایک پشت کعبہ پر۔ جب حضرت ہمراہ نور کے پیدا ہوئے دیکھا تو آپ سجدے میں ہیں اور انگلی طرف آسمان کے۔ مذید تفصیل اس مستقل تصنیف شمامہ عنبریہ من مولد خیر البریہ میں پڑھیں اور اہلحدیث بھی اس طرح میلاد مصطفیٰ بیان کریں۔ خدا ہدایت دے۔

نہایت کار آمد یادگار تاریخی حوالے:

۲۳ مارچ ۱۹۸۷ء کا دن یوم قرارداد پاکستان کی مناسبت سے تو یادگار تھا ہی۔ مگر اس دن غیر مقلد وہابیوں کی جمعیت اہلحدیث کے جلسہء لاہور (فوارہ چوک قلعہ لچھمن سنگھ) میں بم کے زبردست دھماکہ سے وہابیوں کے لیڈر احسان الٰہی ظہیر اور حبیب الرحمان یزدانی آف کا مونکی سمیت دن وہابیوں کی نہایت عبرتناک ہلاکت اور ۱۰۰ کے قریب زخمی ہونے والوں کی یاد میں وہابیوں کی احتجاجی تحریک کے باعث بھی ۲۳۔ مارچ دوہری یادگار بن گیا ہے۔ اس تحریک کے دوران منکرین شان رسالت وعید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں نے اپنا وہابی مذہب اور بالخصوص شرک و بدعت کے سارے فتوے بالائے طاق رکھ کر ہر جائز و ناجائز اور اخلاقی و غیر اخلاقی طریقہ سے احتجاجی مظاہرے کئے۔ جو کسی بھی اخبار بین شخص سے مخفی نہیں۔

پہلی بات:

تو یہی ہے کہ ان کا خاص ۲۳۔ مارچ کو یوم پاکستان کے مقررہ موقع ہر جلسہ کرنا ہی سراسر بدعت تھا اور اس جلسہ میں نہ صرف فوٹو سازی و کیمرہ بازی ہو رہی تھی بلکہ باقاعدہ وڈیو فلم بھی بنوائی جا رہی تھی (جسے اب بھی وہابی موقع بموقع مختلف مقامات پر دکھاتے اور دیکھ دیکھ کر روتے ہیں۔) جو سراسر حرام و بدعت فعل تھا اور اس شدید بدعت کا ارتکاب کرتے ہوئے وہابی مولوی بم کے دھماکہ سے موت کی آغوش میں پہنچ گئے اور عین میلاد شریف کو بدعت وشرک قرار دینے والے وہابیوں کے چوٹی کے مولوی اور لیڈر عین موت کے موقع پر نہ صرف اس صریح قباحت وشناخت میں خود ملوث ہوئے بلکہ وہابیوں کو اس گناہ میں مسلسل مبتلا رکھنے کے لئے اپنی شرک و بدعت کی یہ بدترین یادگار باقی چھوڑ گئے، کہنے والے نے کیا خوب کہا ہے کہ :

جب سر محشر پوچھیں گے بلا کر سامنے
کیا جواب جرم دو گے تم خدا کے سامنے

یاد رہے :

کہ فوٹو صرف بدعت و گناہ ہی نہیں بلکہ علماء اہلحدیث نے اسے شرک تک قرار دیا ہے۔ چنانچہ جماعت اہلحدیث کے ترجمان ہفت روزہ الاعتصام لاہور نے مفتیء اعظم سعودی عرب عبدالعزیز بن باز کا فتویٰ بدیں الفاظ شائع کیا ہے کہ فوٹو بنانا اور اس کی پسندیدگی باعث لعنت ہے۔۔۔۔۔۔اس فعل بد اور کفار ومشرکین کے کردار ناہنجار میں سرمو فرق نہیں۔ وہ (فوٹو باز) از سر نو شرک کا دروازہ کھول رہا ہے اور کفر کے ذرائع و وسائل کو رواج دے رہا ہے۔۔۔۔۔جس طرح کسی جرم کا کرنا حرام ہے۔ اسی طرح اس کا حکم دینا اس پر رضامندی بھی حرام ہے۔۔۔اور جو کوئی باوجود قدرت انکار اور اظہار بیزاری کے گناہ دیکھ کر خاموش رہتا ہے تو وہ گناہ کے مرتکب فوٹو گرافر اور ویڈیو فلم ساز (کے حکم میں ہے۔ ایسا شیطان اخرس (گونگا شیطان) برابر کا مجرم ہے۔ (ہفت روزہ الاعتصام لاہور ۲۱۔۲۸ جولائی ۱۹۷۸ء)

نیز لکھا ہے کہ بڑی بڑی بدعتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ کسی جاندار کی تصویر بنائی جائے۔ (الاعتصام ۱۵۔ مئی ۱۹۸۷ء)

یہی نہیں:

احسان الٰہی ظہیر کی زندگی میں شخصی طور پر ان کا نام لیکر ان کے متعلق بالخصوص اور دیگر فوٹو باز علماء اہلحدیث اور باتصویر کیسٹ بیچنے والے

اہلحدیثوں کے متعلق بالعموم الاعتصادم نے لکھا ہے کہ علماء اہلحدیث کی تقاریر کے باتصویر کیسٹ دھڑا دھڑ، فروخت ہو رہے ہیں۔ان جید علماء کے کیسٹوں پر فوٹو دیکھ کر دکھ ہوا کہ جس چیز کے قرآن وحدیث کی روشنی میں ہم لوگ قائل نہیں آج وہ چیز ہمارے علماء میں رائج ہو رہی ہے۔حالانکہ تقاریر کے کیسٹوں پر جید علماء کے فوٹو کا جواز نہیں بن سکتا۔(الاعتصادم ۱۵۔نومبر ۱۹۸۵ء)

یزید وشمر سے بدتر:

علماء اہل حدیث ودیوبند کے پیشوا مولوی اسماعیل دہلوی نے لکھا ہے کہ تصویر بنانے والے کو پیغمبر کے قاتل کا سا گناہ ہے تو (لہذا) وہ یزید اور شمر سے بھی بدتر ہے کہ انہوں نے پیغمبر کو نہیں مارا بلکہ پیغمبر کے نواسے کو اور امام وقت کو کہ پیغمبر کا نائب تھا۔(ملخصا تقویت الایمان ص۸۰)

خدائی دعویٰ:

تصویر بنانے والا (مصور وفوٹو گرافر) پردے میں خدائی کا دعویٰ کرتا ہے کہ جو چیزیں اللہ نے بنائی ہیں۔ان کی مثل بنانے کا ارادہ کرتا ہے۔ بڑا بے ادب ہے۔(تقویت الایمان ص۸۱)

الاعتصادم وتقویت الایمان:

کے مذکورہ فتاویٰ کی روشنی میں فوٹو بازی تصویر وفلم سازی اور اس شدید وعید وشرعی جرم کے مرتکب مولویوں کے متعلق تصریحات پڑھ کر اندازہ فرمائیں کہ میلاد مصطفیٰ علیہ التحیۃ الثناء کو محض عداوت قلبی وخبث باطنی کے تحت بدعت وشرک قرار دینے والوں اور ان کے نام نہاد قائدین اہلحدیث کا اپنا نامہ اعمال کیا ہے؟ وہ میلاد مبارک کے تو نام سے بھی الرجک ہیں۔لیکن خود نہ صرف ۲۳۔مارچ مناتے بلکہ فوٹو بازی کے باعث عین شرک وبدعت کی حالت میں بم کے دھماکہ کے باعث دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں۔جو یقیناً سوء خاتمہ کی علامت ہے نہ کہ خاتمہ بالخیر کی۔اور واللہ اعلم یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ان لوگوں کی اسی دوعملی ومنافقت اور شان رسالت وولایت اور میلاد دشمنی کے باعث بم کی صورت میں ان پر قہر الٰہی نازل ہوا ہو۔والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

اعتراف میر:

بہرحال بم کے دھماکہ میں مرنے والوں کی یاد میں اپنی احتجاجی تحریک کے متعلق جمعیت اہلحدیث کے مرکزی سیکرٹری جنرل پروفیسر ساجد میر نے گوجرانوالہ کی ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ہم نے اپنی تحریک کے تحت جلسے کیے، جلوس نکالے، جب پھر بھی حکومت نے کوئی نوٹس نہ لیا، تو ہم نے احتجاج کا طریقہ تبدیل کر کے اسے علامتی بھوک ہڑتال کی طرف موڑ دیا۔(روزنامہ جنگ لاہور ۲۱۔جولائی ۱۹۸۷ء)

دیکھ لیجیے:

جشن عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے جلسہ وجلوس اور اہلسنت کے دیگر معمولات وامور خیر کے ایک ایک پہلو پر شرک وبدعت کا فتویٰ لگانے اور ایک ایک چیز کا صریح ثبوت طلب کرنے والوں کی جب اپنی باری آئی تو بم کے ایک ہی دھماکہ نے سارے مسلک کی

کا یا پلٹ کر رکھ دی۔ اب اپنے مرنے والوں کی یاد واحتجاج میں جلسے کریں، جلوس نکالیں، کفن پوش اور کفن بردوش جلوسوں کا اہتمام کریں، حتیٰ کہ بھوک ہڑتال بھی کریں، تو یہ سب کچھ جائز اور تقاضائے توحید وحدیث کے عین مطابق ہے۔ نہ کسی بات پر شرک وبدعت کے فتویٰ کا خطرہ ہے اور نہ ہی قرآن وحدیث سے اپنے جلسوں، جلوسوں اور بھوک ہڑتال وغیرہ کا ثبوت پیش کرنے کی کوئی ضرورت ہے۔ کیوں؟ محض اس لئے کہ مرنے والے مولویوں اور لیڈروں سے محبت وتعلق ہے۔ اس لئے ان سے تعلق بلا خوف وخطر سب کچھ کرا رہا ہے۔ اور مختلف رنگ دکھا رہا ہے۔ مگر حبیب خدا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی محبت وعظمت اور اخلاص وتعلق سے چونکہ دل خالی ہیں اس لئے آپ کے میلاد مبارک، محفل میلاد، جلوس میلاد، صلوٰۃ وسلام، نعت پاک ونعرہ رسالت غرض یہ کہ محبوب کائنات کی محبت وخوشی اور عزت وشان کی ہر بات میں شرک بدعت اور حرام وگناہ کا خطرہ ہوا نظر آتا ہے۔ اسی لئے تو کہا گیا ہے کہ

یہ جو بھی کریں بدعت ایجاد روا ہے

اور ہم جو کریں محفل میلاد برا ہے

(اور اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ نے اس حقیقت کو ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے کہ:

وہ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پیارا تو عمر بھر کرے فیض وجود ہی سر بسر

ارے تجھ کو کھائے تپ سقر تیرے دل میں کس سے بخار ہے

اپنے مردوں کی یاد میں جلسوں، جلوسوں اور ان کے ان نعروں کی بدعات کو تو سب وہابیوں نے مشرف بہ توحید کر لیا ہے کہ۔ علامہ تیرے خون سے انقلاب آئے گا۔!

جب تک سورج چاند رہے گا۔ یزدانی تیرا نام رہے گا

(روزنامہ نوائے وقت لاہور۔ یکم اگست ۱۹۸۷ء)

حالانکہ:

یہ سب کچھ نجدی وہابی مذہب کی رو سے سراسر بدعت وبے ثبوت ہے۔ اور تیرا اور تیرے کے لفظ سے بصیغہ ندا مردوں کو پکارنا۔ ان سے خطاب کرنا اہل قبور کے سماع وسننے کا نظریہ رکھنا وہابی توحید کے نقطہ نظر سے قطعاً شرک ہے۔ مگر غیر مقلدوں کی نئی کایا پلٹ نے ان سب چیزوں کو سند جواز مہیا کر دی ہے۔ ورنہ ان جلوسوں نعروں اور مردوں کو پکارنے کا وہابی مذہب سے کوئی جوڑ اور واسطہ ہی نہیں۔ مگر شریعت شاید ان لوگوں کے نزدیک خالہ جی کا گھر ہے۔ کہ جہاں جو چاہیں، من مانی کریں اور ہیرا پھیری کے کرتب دکھائیں۔ بہر حال بھوک ہڑتال کی بدعت کو تو تنظیم اہلحدیث بھی برداشت نہیں کر سکا۔

چنانچہ جماعت اہل حدیث کے خصوصی ترجمان ہفت روزہ تنظیم اہلحدیث نے واشگاف طور پر لکھا ہے کہ ۲۳۔ مارچ کے بم کے حادثے کے۔۔۔۔۔ سلسلے میں جو احتجاجی مظاہرے ہوئے۔ ان میں سے بعض مواقع پر شرپسندوں نے ان کارروائیوں کو دوسری طرف موڑ دیا تھا اور کچھ توڑ پھوڑ کی کارروائیاں ہوئیں۔ انہیں بھی جماعت کے سنجیدہ حلقوں نے پسند نہیں کیا تھا اور صدائے احتجاج بلند کرنے سے اتفاق

رکھنے کے باوجود اس قسم کی کاروائیوں کی انہوں نے مذمت کی تھی۔ اسی طرح بھوک ہڑتال کا اقدام ہے۔ اگر چہ اسے بھی جمہوریت کی طرح مشرف بہ اسلام کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن ہم عرض کریں گے کہ پھر بھی اس میں مشابہت کفار کا پہلو پایا جاتا ہے بھوک ہڑتال کا بانی گاندھی تھا اور اب بھی یہ بالعموم انہی لوگوں کا حربہ ہے جو دین سے بے بہرہ یا دین سے بے تعلق ہیں۔ اس لئے اس کی تحسین مشکل ہے۔ ہم اپنے دوستوں اور بزرگوں سے عرض کریں گے کہ وہ اپنے جذبات کے اظہار میں ان رویوں اور طریقوں سے اجتناب برتیں جو کافروں کے ایجاد کردہ ہیں یا بے دینوں کا شعار ہیں۔ (ہفت روزہ تنظیم اہلحدیث لاہور ۱۷۔۲۴ جولائی ۱۹۸۷ء)

یہ ہے منکرین میلاد نام نہاد اہلحدیثوں کے کردار اور عمل اہلحدیث کا مظاہرہ۔ کہ خود جلوس نکالیں، جلوسوں میں شر پسندی اور توڑ پھوڑ کی کاروارئیاں کریں، جمہوریت کی بدعت کو مشرف بہ اسلام کرنے کی کوشش کریں حتیٰ کہ گاندھی کی پیروی میں بھوک ہڑتال کر کے بے دینوں کا شعار اپنائیں اور کفار کی مشابہت کریں تو انہیں کچھ فرق نہیں پڑتا۔ مگر میلاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام ہی سے دل جل جاتا ہے۔

جلوس عید:

زندہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جلوس عید میلاد مبارک کے منکرین تحریکی وہابیوں پر اپنے مردہ مولویوں کے مسلسل و پے در پے جلوسوں کا بھوت ایسا سوار ہوا کہ انہوں نے عید الفطر اور عید الاضحیٰ دونوں عیدوں کے موقع پر بھی تاریخ اسلام و خود تاریخ اہلحدیث میں پہلی مرتبہ اپنے مولویوں کی یاد میں جلوس نکالا۔ چنانچہ عید الفطر ۱۴۰۷ء کے موقع پر اخبارات کی تفصیل کے علاوہ عید الاضحیٰ کے موقع پر روزنامہ نوائے وقت لاہور ۱۰۔ اگست ۱۹۸۷ء کی اشاعت کے مطابق اہلحدیث یوتھ فورس گوجرانوالہ کے زیر اہتمام عید الاضحیٰ کے روز مرکزی عید گاہ اہلحدیث حافظ آباد سے احتجاجی جلوس نکالا گیا۔

کیا کوئی اہلحدیث:

اس کا ثبوت پیش کر سکتا ہے کہ اگر جلوس عید میلاد بدعت ہے تو جلوس عید الفطر اور جلوس عید الاضحیٰ کیوں بدعت نہیں۔ کیا قرون اولیٰ میں شہداء اسلام کی یاد اور احتجاج کے نام پر کبھی اس قسم کا کوئی جلوس نکالا گیا؟ اگر نہیں اور یقیناً نہیں۔ تو پھر عیدین کے موقع پر اس بدبخت جلوس کے مرتکب وہابی کیا اپنے ہی اصول کے مطابق اس بے ثبوت جلوس کے باعث بدعتی و جہنمی ہوئے یا نہیں؟ اس موقع پر وہابیوں کو حدیث: کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار۔ کیوں یاد نہیں آئی؟

۱۴۔ اگست:

۲۳۔ مارچ فوٹو بازی، فلم سازی اور جلوس کی بدعات کے علاوہ منکرین میلاد کی ایک اور بدعت کا اعلان بیان ملاحظہ ہو۔ (اہلحدیث یوتھ فورس ۱۴۔ اگست یوم آزادی کو یوم احتجاج کے طور پر منائے گی۔ اس امر کا فیصلہ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان اور پنجاب کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔ (جنگ نوائے وقت لاہور ۵۔ اگست ۱۹۸۷ء) ۱۴۔ اگست کو جامع مسجد محمدیہ چوک اہلحدیث سے بعد از نماز جمعہ احتجاجی

جلوس نکالا جائے گا۔ (نوائے وقت ۱۰۔ اگست ۱۹۸۷ء)

کیا اب بھی کوئی شبہ ہے ؟

کہ نجدیوں وہابیوں کی شان رسالت دشمنی ہی دراصل عید میلاد و جلوس میلاد مبارک کے انکار کا موجب ہے اور یہ لوگ نہیں چاہتے کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جشن میلاد و شان و شوکت کا مظاہرہ ہو۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ اپنے مردوں مولویوں کے جلوسوں کی بھرمار ہو۔ ۲۳۔ مارچ کا دن منایا جائے۔ عیدین کے موقع پر سراسر بے ثبوت جلوس نکالا جائے اور ۱۴۔ اگست کی اہمیت کو مزید بڑھا کر ذیل یوم منایا جائے۔ مگر عید میلاد مبارک پر یہ سب امور بدعت و بے ثبوت قرار پائیں۔ آہ!

تم جو بھی کرو بدعت ایجاد روا ہے

اور ہم جو کریں محفل میلاد برا ہے

بیٹے کی خوشی:

۲۳۔ مارچ ۱۹۸۷ء کو لاہور بم کے دھماکہ میں ہلاک ہونے والے مولوی حبیب الرحمان یزدانی آف کاموکی کا ایک ہی بیٹا تھا۔ جو ۱۹۸۵ء میں ان کی زندگی میں بچپن میں ہی فوت ہو گیا۔ اور انہوں نے بعض بے گناہوں کو اس کی موت کا ذمہ دار قرار دے کہ انہیں مقدمہ قتل میں ملوث کرنے کی کوشش کی۔ جس میں وہ ناکام ہو گئے۔ اور پھر کچھ عرصہ بعد اولاد نرینہ سے محروم ہی دنیا سے چل بسے۔ مگر قدرت ربانی کے تحت ان کی موت سے تقریباً تین ماہ بعد ان کی بیوہ کے ہاں بیٹا پیدا ہوا۔

پھر کیا ہوا؟

اخبارات کی رپورٹ کے مطابق منکرین میلاد یعنی اہلحدیثوں میں بے حد خوشی و مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ اور اس خوشی میں جامعہ محمدیہ چوک اہلحدیث گوجرانوالہ میں مٹھائی تقسیم کی گئی (جنگ لاہور ۲۴ جون ۱۹۸۷ء) اہلحدیث یوتھ فورس گوندلانوالہ۔ گوجرانوالہ نے اس خوشی میں کئی من مٹھائی تقسیم کی اور سیکرٹری نشرواشاعت نے بچے کی پیدائش کے معجزہ قرار دیا (مشرق لاہور۔ ۴ جولائی ۱۹۸۷ء) نیز اس خوشی میں اہلحدیث یوتھ فورس سیالکوٹ نے جامع مسجد اہلحدیث شہاب پورہ مین جمعۃ المبارک کے اجتماع میں مٹھائی تقسیم کی۔ اور اہلحدیث یوتھ فورس کے اراکین نے بچہ کا نام حبیب الرحمان تجویز کیا۔ اور کہا یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کچھ عرصہ بعد مولانا یزدانی اپنے بیٹے کے روپ میں مسلک اہلحدیث کی خدمت کے لئے رونما ہوں گے۔ (روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲ جولائی ۱۹۸۷ء)

ٹورنامنٹ:

حبیب الرحمان یزدانی کی یاد میں والی بال شوٹنگ ٹورنامنٹ ہائی سکول کی گراؤنڈ میں منعقد ہوا۔ افتتاح میاں خلیل الرحمان ایڈووکیٹ نے کیا (جنگ لاہور۔ ۹ اگست ۱۹۸۷ء)

مسلمانو! پہچانو!

یہ ہے نجدی دھرم اور غیر مقلد وہابی مذہب جس کے تحت حبیب خدا، شہ دوسرا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش کی خوشی منانا اور شیرنی تقسیم کرنا وغیرہ تو سب بدعت واسراف وبے ثبوت ہے۔لیکن اپنے مولوی کے بیٹے کی پیدائش کی خوشی منانا، جگہ جگہ کئی من کے حساب سے مٹھائی تقسیم کرنا عین تقاضائے توحید وحدیثیت ہے۔اور

اہل قبور:

کی یاد میں محفل ختم قرآن وایصال تو بدعت وناجائز ہے۔لیکن مرنے والے کی یاد میں والی بال ٹورنامنٹ جیسے کھیلوں اوران کے انعقاد و اہتمام وافتتاح کیلئے نہ کسی ثبوت کی ضرورت ہے۔نہ کسی بدعت کا اندیشہ ہے۔

جلوس گری :

علاوہ ازیں محبوبان خدا کی ارواح کی دنیا میں جلوہ گری تو وہابی مذہب میں ناممکن ہے۔لیکن حبیب الرحمان یزدانی کی اپنے بیٹے کے روپ میں دنیا میں دوبارہ رونمائی میں کوئی اشکال واستحالہ نہیں۔

معجزہ :

نیز یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ اہلحدیثوں کے بقول مولوی یزدانی کے بیٹے کی پیدائش بھی معجزہ ہے حالانکہ ظاہر ہے اس میں معجزہ کی کوئی بات نہیں۔قدرتی طور پر اس طرح بچوں کی پیدائش ہوتی ہی رہتی ہے۔مگر چونکہ بقول اہلحدیث اس بچے کے روپ میں یزدانی صاحب نے دنیا میں دوبارہ رونما ہونا ہے۔لہذا اس لحاظ سے معاذ اللہ یہ یزدانی کا معجزہ چونکہ پیغمبر کا ہوتا ہے اس لئے بزعم اہلحدیث گویا یزدانی صاحب ہم کا نشانہ بننے کے بعد روحانی ترقی کر کے اہلحدیثوں کے صاحب معجزہ و پیغمبر بن گئے۔ولاحول قوۃ الا باللہ۔

مذکورہ :

تاریخی انکشافات حوالہ جات کے علاوہ آپ حیران ہونگے کہ مولوی یزدانی کے بیٹے کی پیدائش کو باقاعدہ سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے انداز میں پیش کیا گیا ہے۔یعنی وہابیوں کو ولادت باسعادت سے جتنی مخالفت اور چڑ ہے، یزدانی کے بیٹے کی پیدائش کی اتنی ہی زیادہ اہمیت وخوشی ہے۔چنانچہ اہلحدیثوں کی شائع کردہ باتصویر کتاب مسمیٰ نہ یزدانی کی موت اہل دل پہ کیسی گزری میں بعنوان ولادت ابن شیر ربانی لکھا ہے:

سنی ہے خبر میلاد ابن یزدانی

تڑپا گئی پھر دل کو یاد ابن یزدانی

خوشی ہوئی ہے ہر فرد جماعت کو

ہو تجھ سے یہ چمن آباد ابن یزدانی

آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت پاک

آ گئی تجھ سے یادِ ابنِ یزدانی

تجھ سے کئی امیدیں وابستہ ہم کو

ہو تجھ سے ہمارا شاد ابنِ یزدانی

مذکورہ اشعار :

بغور ملاحظہ کریں کہ جن لوگوں کو ولادت با سعادت اور نعت شریف پڑھنے پڑھانے سے چڑ ہے۔ انہوں نے ایک بچہ کی پیدائش پر کس طرح اس کی ولادت میلاد کے عنوان سے اس کی ثناء خوانی کی ہے اور اگر انہیں آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت پاک یاد آئی بھی ہے تو یزدانی کے بیٹے کی پیدائش پر۔ کیونکہ ربیع الاول شریف میں تو آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کی یاد آنا اور منانا نجدی مذہب میں ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ پھر یہ امر کس قدر قابل غور ہے کہ محبوبان خدا کو غیر اللہ قرار دے کر ان کو پکارنے ان سے امیدیں وابستہ کرنے اور ان کا وسیلہ حاصل کرنے کو شرک و بدعت قرار دینے والے ایک نومولود بچے کو غائبانہ نداء کر کے اس سے کس طرح اپنی امیدیں وابستہ کر رہے ہیں کہ:

تجھ سے کئی امیدیں وابستہ ہیں ہم کو

یزدانی کی قصیدہ خوانی :

مذکورہ کتاب میں یزدانی صاحب کو اس آیت کا مصداق ٹھہرایا گیا ہے کہ جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے جائیں، انہیں مردہ نہ کہو بلکہ وہ زندہ ہیں۔ نیز لکھا ہے کہ فما مثلہ فیھم ولا کان قبلہ۔ یعنی یزدانی کی مثل نہ کوئی ہے، نہ کوئی پہلے ہوا۔ نیز ان کو کریم ابن کریم پانچ مرتبہ لکھنے کے علاوہ ان کی موت کو سورج کے غروب سے تعبیر کیا گیا ہے۔ وغیر ذالک۔

یہ ہے :

غیر مقلدوں وہابیوں کے مذہب کا خلاصہ، اور نجدی توحید کا کرشمہ کہ جو بات دوسروں کے لئے شرک و بدعت اسراف و بے ثبوت وہ اپنے لئے بالکل جائز و کارِ ثواب۔ اپنے مولویوں اور ان کے بچوں کی بھی زیادہ سے زیادہ خوشی و تعلق، خاطر اور تعلیم و مبالغہ لیکن محبوبان خدا سے زیادہ سے زیادہ لاتعلقی اور ان کی توہین و تحقیر و تنقیص۔ کیونکہ رسوائے زمانہ گستاخانہ کتاب تقویت الایمان میں انہیں تعلیم ہی یہی دی گئی ہے کہ:

کسی بزرگ کی شان میں زبان سنبھال کر بولو، اور جو بشر کی سی تعریف ہو وہی کرو، اس میں بھی اختصار ہی کرو۔ (ص:۸۷)

انسان آپس میں سب بھائی ہیں۔ جو بڑا بزرگ ہو، وہ بڑا بھائی ہے، اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کیجئے۔۔۔۔۔ اور انبیاء اولیاء سب انسان ہی ہیں۔ اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی۔۔۔۔۔ ان کی تعظیم انسانوں کی سی کرنی چاہیے۔ (ملخصا ص:۴۷، تقویت الایمان۔)

ایک طرف :

تقویت الایمان کے یہ مردہ دل اقتباسات اور دوسری طرف مولوی یزدانی اور دیگر متاثرین، دھماکہ ء بم کے متعلق وہابیوں کی عقیدت و احساسات۔ جلسہ وجلوس، بھوک ہڑتال اور ایک نومولود بچے ابن یزدانی کے بارے میں ان کی خوشی وقصیدہ خوانی پیش نظر رکھ کر ہر صاحب علم وانصاف فیصلہ کرے کہ نجدیوں وہابیوں کا اس کے علاوہ اور کیا اصول ہے کہ محبوبان خدا کی زیادہ سے زیادہ کرادر کشی کر کے اپنے مولویوں اور مقتدیوں کو زیادہ سے زیادہ اہمیت دی جائے۔ یعنی ان کا اصل مقصد ہی یہی ہے کہ محبوبان خدا کو چھوڑو اور نجدی، وہابی مولویوں کی پیچھے لگو۔ مسئلہ میلاد و گیارہویں، ہو یا مسئلہ تقلید و بیعت، ان سب کی مخالفت میں دراصل یہی نجدی روح کارفرما ہے۔

موقع کی مناسبت سے وہابیوں کی طرف سے میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت اور ان یزدانی کی خوشی منانے پر مولانا ابوالنور محمد بشیر صاحب کوٹلوی کی اس رباعی کو دوبارہ ذہن نشین فرمالیں تا کہ منکرین میلاد کا احمقانہ و معاندانہ کردار ہمیشہ آپ کے پیش نظر رہے کہ،

جو بچہ ہو پیدا تو خوشیاں منائیں

مٹھائی بٹے اور لڈو بھی آئیں

مبارک کی ہر سو سے آئیں ندآئیں (مگر)

محمد کا جب یوم میلاد آئے (صلی اللہ علیہ وسلم)

تو بدعت کے فتوے انہیں یاد آئے

حرف آخر:

بفضل تعالیٰ ہم نے جشن عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اور جلوس میلاد پاک کے متعلق تحقیقی ق الزامی اور تاریخی طور پر حقائق و حوالہ جات کا ایک ذخیرہ پیش کر دیا ہے۔ اور منکرین شان رسالت ومخالفین میلاد کے گھر سے ایسے دلائل مہیا کر دیئے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ان کے جواب سے وہ کبھی عہدہ برآنہیں ہوسکیں گے اور یہ مختصر و جامع مجموعہ منکرین میلاد کے تابوت میں آخری میخ ثابت ہوگا۔ کتاب ہذا کا یہ تاریخی و معلوماتی پہلو اس کی اہمیت وحیثیت میں مذید اضافہ کا باعث ہوگا کہ اس میں منکرین شان رسالت ومخالفین میلاد کے نام نہاد قائدین کا عبرتناک انجام بھی شامل اشاعت کر دیا گیا ہے کہ جنہوں نے عمر بھر شان رسالت وولایت اور میلاد مبارک کی مخالفت کی اور اپنے اپنے جشن کے شادیانے بجائے وہ آنافانا ایسے المناک و عبرتناک انجام سے دوچار ہوئے اور ان پر ایسی تباہی و بربادی مسلط ہوئی کہ ہمیشہ کے لئے نشان عبرت بن گئے۔ اور آخروقت منہ دکھانے کے بھی قابل نہیں رہے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

ان کے دشمن پہ لعنت خدا کی

رحم پانے کے قابل نہیں ہے

یہ ہے میت کسی بے ادب کی

منہ دکھانے کے قابل نہیں ہے

اف یہ عقائد باطلہ :

مسلمانوں کو بات بات پر مشرک و بدعتی گردانتے والے نجدیوں وہابیوں کے عقائد باطلہ کے سلسلے میں ہم یہ بتانا چاہتے ہیں کہ ان کی شقاوت وشان رسالت سے عداوت کا یہ عالم ہے کہ ان کے نزدیک ماہ میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم منانا تو بدعت و ناجائز ہے لیکن اپنوں کی موت کا مہینہ منانا جائز وحلال ہے۔ گویا جس طرح شیعوں کے ماتمی جلوسوں کی بناء پر شیعوں کا محرم مشہور ہے اور جشن عید میلاد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے پرنور و پرسرور جلوسوں اور پروگراموں کی وجہ سے ربیع الاول سنیوں، بریلویوں کا مہینہ سمجھا جاتا ہے۔اب اسی طرح ۲۳۔مارچ ۱۹۸۷ء کو قلعہ لچھمن سنگھ لاہور میں وہابیوں کے جلسہ میں بم کے دھماکہ کے باعث اپنے مرنے والوں کی یاد منانے اور ان کا غم تازہ کرنے کیلئے تاریخ اہلحدیث کے ابواب ونصاب میں تحریراتقریرا عملا وہابیوں نے اپنے لئے ماہ مارچ کو اختیار کرلیا ہے اور اس بات کا عملا مظاہرہ ہوگیا ہے کہ نجدیوں، وہابیوں کو جس طرح اپنے مولویوں اور لیڈروں سے عقیدت وتعلق ہے اس طرح ان کے دلوں میں نہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی عقیدت وتعلق اور خوشی ہے اور نہ ہی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اہل بیت وشہداء کربلا (علیہم الرضوان) کی عقیدت وتعلق کی وہابیوں کے دلوں میں کوئی گنجائش ہے۔

ورنہ کیا وجہ ہے :

کہ ان کے مرنے والوں کی یادگار منانے کے لئے تو کھلی چھٹی ہو۔جلسوں، کانفرنسوں کے انعقاد اہتمام وتداعی اور مہینہ وایام کے تعین وتقرر اور دیگر لوازمات پر شرک وبدعت کا کوئی سایہ نہ پڑے مگر

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا جب یوم میلاد آئے
تو بدعت کے فتوئی انہیں یاد آئے

اسی طرح :

ماہ محرم آئے تو شہداء کربلا (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کی یاد منانے، ذکر خیر کرنے اور ختم شریف وایصال ثواب وغیرہ سب کو بدعت و ناجائز قرار دے کر ممنوع قرار دیا جائے۔

بدعات اہلحدیث :

برسی :

علامہ ظہیر کی برسی ملک بھر میں احتجاجی اجتماعات منعقد ہونگے۔اہل حدیث یوتھ فورس کے قائم مقام جنرل سیکرٹری یونس چوہدری نے کہا ہے کہ مارچ میں علامہ احسان الٰہی ظہیر اور ان کے رفقاء کی شہادت کا ایک سال گزر جانے پر ملک بھر میں احتجاجی جلسے اور اجتماعات منعقد کئے جائیں گے۔۲۳۔مارچ سے ۳۱۔مارچ تک ہفتہ تجدید عرس منایا جائے گا۔(روزنامہ مرکز اسلام آباد ۲۹۔فروری ۸۸ء)

۲۱۔مارچ :

روز نامہ مرکز کی مذکورہ رپورٹ کے مطابق مختلف مقامات پر شہدائے اہلحدیث کانفرنس اور احسان کانفرنس کے انعقاد کے علاوہ ۲۱۔ مارچ کو بم کے دھماکہ کی مقررہ جگہ پر بالخصوص شہدائے اہلحدیث کانفرنس منعقد کی گئی اور اس سلسلہ میں دیگر اشتہارات کے علاوہ اہلحدیث یوتھ فورس لاہور کی طرف سے ایک سرخ رنگ کا باتصویر خونی اشتہار شائع کیا گیا جس میں بم کے دھماکہ میں ہلاک و زخمی ہونے والے اہلحدیث مولویوں اور لیڈروں کو فوٹو شائع کیے گئے اور ۲۳۔ مارچ کے اخبار جنگ، نوائے وقت وغیرہ میں اس کانفرنس کی رپورٹ شائع ہوئی۔

۲۳۔ مارچ :

۲۳۔ مارچ کو بھی بالخصوص تاریخ، جگہ، دن اور ایک بجے دوپہر کے وقت وتعین کے ساتھ مرنے والوں کی یاد میں خاص اہتمام سے کانفرنس کی گئی اور اشتہارات میں قائد کے روحانی پلیو لاہور چلو کے الفاظ سے اس کانفرنس میں شرکت کی ترغیب دی گئی اور قلعہ لچھمن سنگھ لاہور کی ان دونوں کانفرنسوں میں اہلحدیث نے بھرپور شرکت کی۔ (پریس رپورٹ)

یزدانی روڈ :

مولوی حبیب الرحمان یزدانی روڈ (سادھوکے) کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب زیر صدارت مولوی محمد عبداللہ وغیرہ منعقد ہوئی اور خطاب کیا گیا۔ (نوائے وقت لاہور۔ ۲۶۔ مارچ ۸۸ء)

خانہء خدا پر غیر اللہ کا نام :

کوٹ قاضی علی پور چٹھہ روڈ گوجرانوالہ میں مسجد حبیب الرحمان یزدانی نام رکھا گیا۔ (پوسٹر جمعیت اہلحدیث ۲۳۔ مارچ فروری ۸۸ء)

پتھر پر دعاء :

۲۹۔ مارچ ۸۸ء کے نوائے وقت اور ۳۱۔ مارچ ۸۸ء کے جنگ اخبار میں ایک تصویر شائع ہوئی ہے جس کے نیچے لکھا ہے کہ امیر جمعیت اہلحدیث مولوی محمد عبداللہ یزدانی روڈ کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعاء مانگ رہے ہیں۔ کیا کوئی غیر مقلد وضاحت کرے گا کہ: کسی روڈ پر غیر اللہ کا نام متعین کر کے ایسے اہتمام سے تقریب کا انعقاد، پھر پتھر نصب کرنے کے بعد اسے سامنے رکھ کر اس پر دعاء کرنا بدعت ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اس کا کوئی ثبوت حدیث صحیح وصریح سے پیش کیا جائے۔

جلوس و مزار و فاتحہ :

۱۴۔ اگست ۱۹۸۸ء بروز جمعہ کامونکی منڈی میں یوم آزادی کی بجائے یوم احتجاج منایا گیا۔ بعد نماز جمعہ اہلحدیث کی مساجد سے لوگ جلوسوں کی شکل میں مرکزی جامع المسجد اہلحدیث پہنچے۔ جہاں سے ایک بڑا جلوس مولوی حبیب الرحمان یزدانی کے مزار پر گیا۔ اور وہاں فاتحہ خوانی کے بعد پرامن طور پر منتشر ہو گیا۔ (روزنامہ جنگ لاہور۔ ۱۲۔ اگست، نوائے وقت ۱۳۔ اگست ۱۹۸۸ء)

رضائے مصطفیٰ :

قبر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لئے جانے اور جلوس میلاد و مزارات اولیاء اور گھروں یا قبروں پر فاتحہ خوانی کو بدعت و ناجائز قرار دینے والوں کا اپنے آنجہانی مولوی یزدانی، کے لئے یہ سب کچھ کرنا جہاں باعث تعجب ان کی دورنگی کا مظاہرہ ہے، وہاں مسلک اعلیٰ حضرت

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی اصولی فتح ہے کہ مخالفین نے بالآخر قبر کو مزار قرار دینے، وہاں زیارت کے لئے جانے جلوس نکالنے اور فاتحہ خوانی کرنے کا عملی اعتراف کرلیا۔

تنظیم اہلحدیث کا اہلحدیث کو انتباہ :

ماہ ربیع الاول ۱۴۰۸ھ: کے رضائے مصطفیٰ میں بعنوان (زندہ باد اے مفتی احمد رضا خان زندہ باد) چونکہ مخالفین اہلسنت کے متعلق اس اہم الزامی مضمون کا ایک پیرا جلوس و مزار فاتحہ بالخصوص غیر مقلدین سے متعلق تھا، اس لئے اس لاجواب مبنی برحق مضمون کی اہمیت وافادیت کے باعث ہفت روزہ تنظیم اہلحدیث لاہور نے اپنے ہم مسلک اہلحدیثوں کو انتباہ کرتے ہوئے۔ مضمون ہذا بدیں عنوان لفظ شائع کیا ہے کہ توحید وسنت کے گلشن کو برباد نہ کرو۔۔۔ ہوش کرو اور سنو (تنظیم اہلحدیث ۴۔دسمبر ۱۹۸۷ء چنانچہ رضائے مصطفیٰ کے مضمون کی افادیت و اہمیت کو تسلیم کرنے اور اس بناء پر تنظیم اہلحدیث کے اہلحدیث کو انتباہ کرنے سے واضح ہوگیا کہ اہل سنت کے عقیدہ، توحید وسنت پر طعنہ زنی کرنے اور شرک و بدعت کا ناحق نشانہ بنانے والے غیر مقلدین بذات خود توحید وسنت کے گلشن کو اجاڑ اور برباد کرنے کے مرتکب و مجرم ہیں اور مختلف بدعات ورسومات میں مستغرق ہیں مگر حال یہ ہے کہ :

غیر کی آنکھ کا تنکا تو تجھے نظر آیا
اپنی آنکھ کا نہ دیکھا مگر شہتیر بھی

شہدائے اہلحدیث کی دوسری برسی :

۲۳۔ مارچ کو قلعہ پچھمن سنگھ لاہور کے جلسہ میں بم کے دھماکہ میں ہلاک ہونے والی مولوی احسان ظہیر، مولوی حبیب الرحمان یزدانی وغیرہ کی یاد میں ان کی دوسری برسی کے موقع پر بھی مقررہ تاریخ و مقررہ جگہ پر ۱۷۔ مارچ بروز جمعہ جمعیت واہلحدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام بڑے اہم انتظامات کے ساتھ دوسری شہدائے اہلحدیث کانفرنس منعقد ہوئی۔ اس سلسلے میں اخباری بیانات کے علاوہ وسیع اخراجات سے بڑے سائز کے رنگین اشتہارات بہت کثرت سے چھپوائے اور لگوائے گئے اور رسائل واشتہارات میں قلعہ پچھمن سنگھ چلو کا۔۔۔ نعرہ لکھوایا گیا اور اہلحدیث مساجد میں جمعہ بند کرکے قلعہ پچھمن سنگھ میں مشترکہ جمعہ کا اعلان کیا گیا۔ نماز جمعہ سے پہلے امیر جمعیت اہلحدیث مولوی محمد عبداللہ اور دیگر علماء حدیث کے بیانات ہوئے اور نماز جمعہ کے بعد قلعہ پچھمن سنگھ سے لیکر چوک آزادی تک جلوس بھی نکالا گیا۔ اس موقع پر دیگر علاقوں کے وہابیوں نے بھی بڑے زور و شور سے شدرحال کیا اور بسوں کے ذریعے قافلوں کی صورت میں قلعہ پچھمن سنگھ کے پروگرام میں حاضری دی۔ پریس نوٹ (۱۸ مارچ ۸۹ء)

کیا فرماتے ہیں :۔

غیر مقلدین وہابیہ کہ کتاب سنت اور عقیدہ، توحید کا وہ کونسا شرعی ضابطہ ہے کہ جس کے تحت میلاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، عرس اولیاء اور گیارھویں شریف و تیجا دسواں، چالیسواں تو بدعت و حرام و ناجائز ہے لیکن نام نہاد شہدائے اہلحدیث کی دوسری برسی پر دوسری کانفرنس اپنے تمام لوازمات سمیت کتاب وسنت کی روشنی میں عقیدہ، توحید کے عین مطابق ہے ؟

جشن میلاد مصطفیٰ بدعت وناجائز کیوں ؟

اور صد سالہ جشن کا جواز کیوں ؟

اہل نجد ودیوبند جشن میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے سخت مخالف ہیں۔ بالخصوص ماہ نور ربیع الاول شریف میں یہ لوگ جشن میلاد شریف کی مخالفت میں آسمان سر پر اٹھا لیتے ہیں۔ لیکن جب اپنا معاملہ آتا ہے تو پھر بدعت وعدم جواز کے سب فتوے بھلا دیتے ہیں۔ اور تمام تر تعلقات ولوازمات کے ساتھ انہیں منانے میں کوئی چیز آڑے نہیں آتی۔

جشن سعودی عرب:

۵۔شوال ۱۴۱۹ھ بمطابق ۲۳۔جنوری ۱۹۹۹ء میں سعودی عرب کے قیام کی ۱۰۰ سالہ سالگرہ پر صد سالہ جشن بادشاہت منایا گیا اور اس سلسلہ میں مختلف تقریبات کے علاوہ پاکستان میں بھی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے۔)روزنامہ نوائے وقت لاہور ۲۵۔۲۶ جنوری ۱۹۹۹ء) جبکہ صد سالہ جشن سے قبل ہر سال ۲۳۔ستمبر کو الیوم والوطنی اور عید الوطنی کے نام سے سالانہ سالگرہ بھی بڑے اہتمام سے منائی جاتی ہے۔

غرضیکہ نجدی سعودی دیوبندی وہابی علماء وحکام جشن صد سالہ منائیں یا ہر سال عید الوطنی اور جشن دستار فضیلت منائیں ان کے لئے شرک و بدعت کا کوئی فتویٰ نہیں مگر

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا جب یوم میلاد آئے

بدعت کے فتوے انہیں یاد آئے

لمحات فکر۔۱۴ اگست ۱۹۹۸ء :

کو ۵۱ واں یوم پاکستان حسب سابق شام وشوکت سے منایا گیا۔ اس سلسلہ میں جلسے ہوئے جلوس بھی نکالے گئے۔ جھنڈیاں لگائی گئیں۔ جھنڈے لہرائے گئے اور رات کو خوب چراغاں کیا گیا اور اس تقریب کو عید آزادی سے تعبیر کیا گیا۔

۱۷ اگست ۱۹۹۸ء :

کو سابق صدر ضیاء الحق کی قبر پر ان کی برسی بھی دھوم دھام سے منائی گئی۔ اس سلسلہ میں شد رحال کر کے دور دور سے بڑے بڑے قافلے ان کی قبر پر حاضری اور برسی میں شرکت کے لئے وہاں پہنچے۔ برسی سے قبل اخبارات میں بڑے بڑے باتصویر غیر شرعی قیمتی اشتہارات شائع کرائے گئے۔ مگر بڑے تعجب وافسوس کی بات ہے کہ اہل نجد ودیوبند اس موقع پر شاید گونگے بہرے ہو گئے یا دانستہ انہوں نے علمی بخل و کتمان حق سے کام لیا کہ دیوبندی یا وہابی اصول کے تحت ان دونوں بدبختوں کے خلاف انہیں نے نہ کوئی اجتماعی مظاہرہ کیا اور نہ ان کی طرف سے کسی قسم کا کوئی خاص سار پہلے دیکھنے، سننے میں آیا۔

ناحقہ سر بگریباں ہے اسے کیا کہیے

خامہ انگشت بدنداں ہے اسے کیا کہیے

مشہور و مشاہدہ تو یہی ہے کہ

ع وہابی آں باشد کہ چپ نہ شود

لیکن نامعلوم کونسا سانپ سونگھ گیا کہ سبھی نے چپ سادھ لی اور صورت حال یہ ہوگئی کہ،

ع چناں خفتہ اند گوئی کہ مردہ اند

جبکہ

۱۱ ربیع الاول :

کا چاند طلوع ہونے سے پہلے ہی یہ منکرین شان رسالت و مخالفین میلاد مصطفیٰ (علیہ التحیۃ والثناء) اس طرح تیاری کر لیتے اور کمر بستہ ہو جاتے ہیں جیسا کہ کسی محاذ جنگ پر جانے والے ہیں۔

اہل نجد و دیوبند :

کے چھوٹے بڑے مولوی ملاں نہ صرف زبانی و تقریری طور پر بلکہ بذریعہ اشتہارات جرائد و رسائل بیک وقت بیک زباں خبث باطنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بدیں الفاظ زہر اگلنے لگتے ہیں کہ عید میلاد النبی بدعت ہے بے ثبوت ہے اسراف ہے۔ دن مقرر کرنا سالانہ یادگار منانا جائز نہیں۔ خیر القرون میں ایسا نہیں ہوا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے ایسا نہیں کیا۔ وغیرہ ذالک من الخرافات۔ مگر ۱۴ اگست اور ۱۷ اگست کے مجموعہ بدعات پر اس قسم کے اعتراضات کی بنیاد پر کوئی مخالفانہ ردعمل نہ کیا گیا۔ حالانکہ وہی اعتراضات بلکہ ان سے بڑھ کر اعتراضات مذکورہ دونوں بدعتوں پر بھی عائد ہوتے ہیں۔ لہٰذا اگر یہ بدعت نہیں اور ان پر اعتراض نہیں تو ۱۲ ربیع الاول اور محافل میلاد شریف بدرجہ اولیٰ نہ بدعت ہیں نہ قابل اعتراض۔ اور اگر ۱۲ ربیع الاول بدعت و قابل اعتراض ہے تو ۱۴ اگست اور ۱۷ اگست کا پروگرام اس سے بڑھ کر بدعت و قابل اعتراض ہے۔ پھر اس پر الخاموشی نیم رضا کا مظاہرہ کیوں؟ جبکہ ۱۴ اگست اور ۱۷ اگست کی بدعتوں پر منکرین میلاد مصطفیٰ کی خاموشی ان کے گونگا شیطان (شیطان اخرس) بننے کے مترادف ہے اور میلاد مصطفیٰ کی مخالفت ان کی شان رسالت سے صریح عداوت کا مصداق ہے۔ ورنہ وجہ بتائی جائے کہ جشن میلاد مصطفیٰ (علیہ التحیۃ والثناء) کے خلاف اس قدر بدزبانی، واویلا اور جھوٹی فتویٰ بازی کیوں ہے۔ اور ۱۴ اگست و ۱۷ اگست کے مجموعہ بدعات پہ خاموشی اور اس کا کیا جواز ہے ؟ اور دونوں میں وجہ کیا ہے۔ یاد رہے کہ ۱۴ اگست کی تقریب منانے میں شریک ہوتے اور شدید بدعت کا ارتکاب کرتے ہیں۔ فافہم وتدبر۔

نوٹ: ۲۱ اگست کو طالبان کی کامیابی پر سپاہ صحابہ علماء دیوبند م یوم فتح مبین اور عطا اللہ شاہ بخاری کی برسی بھی منائی۔ (بحوالہ پریس نوٹ)